UNIVERSAL
LIBRARY

OU_226558

UNIVERSAL
LIBRARY

BROWN BOOK

PAGES MISSING WITHIN THE BOOK ONLY

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

للہ الحمد کہ از تالیفات ماہر علوم مخزن الفہوم جناب مولوی سید
ابو الحسن صاحب دام فیضہ رسالہ مفید و عجالہ جدید قابل دید موسوم

جواہر الحروف
۱۳۰۸

حسب فرمایش تاجر نامی شیخ محمد عبد اللہ صاحب مدظلہ السامی تاجر
کتب دکان واقع چوک لکھنؤ کہ حق تالیف کتاب ہذا نزد شان محفوظ است

در مطبع احمدی [illegible] لکھنؤ طبع شد

٥٩٥٦

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین

امابعد سید ابوالحسن بن سید مہدی عرض کرتا ہی کہ یہ ایک رسالہ علم حروف مین مسمے بجواہر الحروف کہ جو شخص اسکے اصول سے واقف ہو اور اعمال اسکے کرے ہر آئینہ عجائبات وغرائبات کا مشاہدہ کرے گا کہ زبان تحریر مین قلم بھی اوسکی ادا سے عاجز ہوگی اور فی الجملہ کیفیت وخاصیت اس علم کی حکیم الٰہی افلاطون نے الواح الجواہر مین لکھدی ہی کہ ترجمہ اوسکا اس حقیر نے اردو مین کیا ہی اوس رسالہ کے دیکھنے سے قدر ومنزلت اس علم کی کچھ منکشف ہوتی ہی کہ ؎ انچہ خوبان ہمہ دارند تو تنہا داری ✤ کیونکہ اگر باشرائط وآداب عمل کیا جائے تو عامل باذن اللہ تعالیٰ امور خرق عادات پر قادر ہوجاتا ہی جیسا کہ ایک حکایت ایک بادشاہ کی رسالہ الواح الجواہر مین افلاطون نے لکھدی ہی اور چاہیے کہ اسماے موکلات صحیح صحیح طور پر استخراج کرے کیونکہ اگر نام موکلات عمل کا صحیح نہوگا تو عمل کا اثر ظہور مین نہین آتا ہی اور اعمال خواص حروف مفردہ مین ہر مقام پر ضرورت موکلات کی نہین جیسا کہ فصل پنجم مین خواص ہر حرف کے بیان ہون گے انشاء اللہ تعالیٰ اور دیگر اعمال مین منجملہ شرائط کے بہت بڑی شرط اجازت استاد کامل یا سید صالح کی ہی کہ جب تک وہ اجازت ندے تب تک عمل

نہین ہوتا ہی اور اس رسالہ مین اجازت ہی کہ واسطے امور شرعیہ کے کرین اور امور غیر شرعیہ مین ہرگز ہرگز اجازت نہین ہی اور شرائط ایسے اعمال کے صاحب کتاب سر المکتوم و صاحب کتاب حرز الامان نے بتفصیل لکھدیے ہین و چونکہ وہ شرائط متعلق عملیات و طلسمات و تحریر نقوش سے ہین اور یہ رسالہ خواص حروف مین ہی اس سبب سے اون شرائط کے لکھنے سے اعراض کیا گیا مگر بازہم اس رسالہ مین بھی بعض شرائط فصل اول مین بیان ہون گے اور مرتب ہوا یہ رسالہ اوپر آٹھ فصلون کے **فصل اول** بعض شرائط اعمال مین **فصل دوسری** خواص حروف آتشی و بادی و آبی و خاکی مین **فصل تیسری** خواص بعض مرکبات حروف منقوطہ و مہملہ مین **فصل چوتھی** قاعدہ افسون بنانے مین **فصل پانچوین** خواص حروف مفردہ مین **فصل چھٹی** اعمال حروف مین **فصل ساتوین** بعض تاثیرات اعمال علم حروف مین **فصل آٹھوین** قواعد استخراج اسماے موکلات مین ✦

فصل اول شرائط اعمال مین

واضح ہو کہ جس عمل کا کرنا منظور ہو چاہیے کہ اوسکے سب شرائط بجا لاوین تاکہ فوت شرط سے فوت مشروط ہو لہ اذا فات الشرط فات المشروط اور بہت بڑی شرط عام طور پر اکل حلال و صدق مقال ہی کہ یہ خدا کیطرف سے ہر شخص پر واجب ہی اور اکل حرام و کذب کلام کو اگر آدمی ترک کرے تو وہ روشن ضمیر و صاحب کشف و کرامات ہو جاتا ہی اور باقی شرائط اعمال یہ ہین **شرط اول** مشتمل ہی امور متکثرہ پر وہ یہ ہین کہ عامل کو چاہیے کہ جب قرأت یا کتابت کرے تو مکان خالی مین ہو کہ اوسکو کوئی نہ دیکھے اور بخور جلاوے اور حروف کو غلط و کور نہ لکھے کیونکہ اگر حروف غلط و کور و مغشوش لکھا جائیگا تو اوس حرف کی روحانیت مین خلل واقع ہوگا تو اجابت و اعانت مین وہ تاخیر کرینگے اور چاہیے کہ حروف کو اپنے مخرج سے نکال کر پڑہین اور ایک زانو بیٹھین اور نام مطلوب و مادر مطلوب

درج کرین اور چاہیے کہ طالب و مطلوب نے ایک دوسرے کو دیکھا ہو کہ عدم دیدار مین تعویذ
کا اثر نہین ہوتا ہو مگر طلسمات مین پس اگر عمل واسطے محبت کے ہو اور کوئی لوح یا تعویذ لکھین چاہیے
کہ کاغذ و لوح کو ران راست پر لکھین اور قدرے شیرینی مثل شکر و نبات کے اپنے مونہ
مین رکھین اور اگر عمل واسطے عداوت کے ہو تو اجناس ترش و تلخ مونہ مین دانت تلے بائین
اور محبت مین رو بہ مشرق و عداوت مین رو بمغرب لکھین اور بروقت تراشنے قلم کو
نیت حب یا عداوت کی اپنے دل مین رکھین اور چاہیے کہ قلم جدید ہو اگر پہلے سے تراش کر
اوس سے کچھ لکھا ہو تو ہرگز ہرگز ان اعمال کا لکھنا اوس سے جائز نہین ہے اگر قلم حدید
سے لکھین تو بہتر ہی اور اعمال محبت مین اوس رنگ سے لکھے کہ جسکو مناسبت ساتھ کوکب
سعد کے ہو مثل سفید و سبز و زرد کے اور اعمال عداوت مین اوس رنگ سے لکھے کہ جسکو
مناسبت کواکب نحس سے ہو مثل سیاہ و کبود و سرخ کے تا بسبب مناسبت کے فائدہ تام
حاصل ہو اور چاہیے کہ قلم و سیاہی و کاغذ وغیرہ سب چیز حلال سے حاصل کیا ہو اور
شرکت حرام کی اوسمین نہو **شرط دوسری** حکمانے اتفاق کیا ہی اور پر کتمان اس علم
کے کیونکہ ارواح عالم علوی کراہت کرتے ہین مطلع ہونے سے نفوس بشریہ کے اسرار پر
ان علوم کے اور چاہیے کہ اعمال کو اعتقاد سے کرے کہ اگر وثوق و اعتماد نرکھتا ہو تو
کوئی فائدہ نہوگا کیونکہ ارواح ہمارے قلوب پر مطلع ہین پس جو کہ اعتماد و اعتقاد سے
نکرے ارواح اوسکی اجابت نہین کرتے ہین کیونکہ قوت نفسانیہ کو اس باب مین دخل
عظیم ہی اور شک مین وہ قوت باقی نہین رہتی ہی **شرط تیسری** عامل کو چاہیے کہ جمیع
اعمال کتابی و کلامی مین قبل از شروع ابتدا بذکر و تسبیح و صلوات کرے اور با غسل
یا وضو کامل ہو اور لباس پاک و پاکیزہ و معطر پہنے اور جس چیز کے تلاوت کرین
اون الفاظ کے معنی دل مین سوچین تا کہ آثار کلی اوسکی جمعیت باطن پر مترتب ہو اور
بہتر یہ ہی کہ ایسے اعمال رات کو کرین کہ دن کو حواس مجتمع نہین ہوتے ہین اور اجتماع

جو اس کا ہونا اور اپنے دل کو بجمیع الوجوہ متوجہ اوس طرف کرنا اثر عظیم رکھتا ہی اور فرق درمیان اعمال کتابی و کلامی کے یہ ہی کہ اعمال کتابی مین بقا و ثبات ہی بہ نسبت اعمال کلامی کے اور نتیجہ و فائدہ اوسکا عظیم تر و قوی تر ہی بسبب بقای حروف کے اوپر الواح و اوراق کے اور اعمال کلامی مین سرعت اجابت ہی لیکن اوس مین چندان ثبات و بقا نہین ہی بسبب عدم ثبات و بقای کلمات ملفوظہ کے بخلاف کلمات مکتوبہ +

فصل دوسری خواص حروف آتشی و بادی و آبی و خاکی مین

واضح ہو کہ مصدر جلال الٰہی سے ہر حرف کے لیے ایک خاصیت اور ایک اثر عطا ہوا ہی اور ہر حرف مین ایک حکمت ہی مخفی و پوشیدہ بلکہ ایک ایک نقطہ مین وہ حکمت ہی کہ عقل بشری احاطہ اوسکا نہین کر سکتی ہی جیسا کہ حضرت باب مدینۃ العلم امیر المومنین علیہ السلام نے تمام شب تفسیر بای بسم اللہ کی بیان فرمائی شب تمام ہو گئی اور وہ نکتہ تمام نہوا اور فرمایا کہ انا النقطۃ تحت الباء اور بحسب تجربہ معلوم ہوا ہی کہ تکرار حروف حارہ سے زوال امراض باردہ ہوتا ہی اور تکرار حروف یابسہ سے تسکین مادہ رطوبت معاینہ ہوا ہی اور ترکیب بعض حروف سے کہ حکماے ہند نے واسطے دفع مضرت ہلاہل کے اور واسطے ضرر کھنے گزندگی مار و عقرب کے ترتیب دیے ہین اثر کلی مشاہدہ ہوا ہی اور اوسکا نام افسون رکھا ہی اور بلا ترکیب حروف بھی ہر ہر حرف مفرد کو خدا نے آثار عجیبہ و خواص غریبہ عنایت فرمائے ہین جیسا کہ فصل پانچوین مین بیان ہون گے اور واقفان علم حروف نے ہر حرف کے لیے ایک طبیعت اور ایک مزاج خاص ثابت کیا ہی بعض کو گرم بعض کو سرد بعض کو خشک بعض کو تر پایا ہی اور طبائع بسیط بعض حروف مین بنا بر ترتیب حروف جمل و تہجی کے اختلاف ہی اور حروف جمل و تہجی نزدیک علمای مشارقہ کے کہ حرارت و برودت و یبوست و رطوبت ہی اسطرح سے ہی کہ حرف اول جمل سے ہو خواہ تہجی سے حار ہی اور حرف دوم بارد اور حرف

سوم یابس اور حرف چہارم رطب پھر حرف پنجم حار ہے اور ششم بارد وعلی ہذا القیاس آخر تک

جدول طبائع حروف جمل بقول مشارقہ

ا	ب	ج	د
ه	و	ز	ح
ط	ی	ک	ل
م	ن	س	ع
ف	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ
ذ	ض	ظ	غ
حارہ ناری	باردہ آبی	یابسہ خاکی	رطبہ ہوائی

جدول طبائع حروف تہجی بقول مشارقہ

ا	ب	ت	ث
ج	ح	خ	د
ذ	ر	ز	س
ش	ص	ض	ط
ظ	ع	غ	ف
ق	ک	ل	م
ن	و	ه	ی
حارہ ناری	یابسہ ہوائی	باردہ خاکی	رطبہ آبی

پس جو اسماکہ حروف ناری سے مرکب ہوتے ہین وہ احداث حرارت کرتے ہین اور جو اسما کہ حروف باردہ سے مرکب ہوتے ہین وہ اطفای حرارت و ایجاد برودت کرتے ہین اور جو اسماکہ چارون طبیعتون کے حروف سے مرکب ہین اونمین جس عنصر کے حروف غالب ہون اوسی کا اثر غالب رہیگا اور جس اسم مین کسی عنصر کے حروف غالب نہون اوسمین اعتدال کا اثر ظاہر ہوگا پس مثلاً اگر کسی گھر کا جلانا یا کسی شہر کا جلانا مقصود ہو عامل کو چاہیے کہ اوس عمل مین حروف ناری کو غالب کرے اور جن اعمال مین کہ ہوا کو دخل ہو مثلاً شہر کو یا کسی لشکر کو ہوا سے برباد کرنا منظور ہو اونمین حروف ہوائیہ کو غالب کرے اور جن اعمال مین کہ پانی کو دخل ہو مثلاً پانی برسنا یا آب چشمہ و نہر زیادہ ہوجانا منظور ہو تو اونمین حروف مائیہ کو غالب کرے اور جن اعمال مین کہ خاک کو دخل ہو مثل اصلاح اراضی و زراعات و عمارات و اخراج کنوز و دفائن کے اونمین حروف ترابیہ کو غالب کرے کہ یہ اصل ہی کل اعمال مین اور زیادہ کرنا قرأت حروف ناریہ کا اور اون اسماکا کہ جو اون سے

مرکب ہین ازالہ خلط بلغم کرتا ہی اور ہاضم طعام ہی اور حنجرہ کو پاک اور آواز کو صاف کرتا ہی اور
رطوبت و برودت کو دفع کرتا ہی اور امراض بلغمی کے لیے نافع ہی اور زیادہ کرنا قرات حروف
ہوائیہ کا اور اون اسماکا کہ جو اون سے مرکب ہین دافع امراض مشوش قلب ہی اور مداومت کرنا
اوسپر بشرہ کو صاف کرتا ہی اور کل اعضا کو قوت بخشتا ہی اور زیادہ کرنا قرات حروف مائیہ کا
اور اون اسماکا کہ جو اون سے مرکب ہین اطفای حرارت اور حمیات محرقہ کو زائل کرتا ہی اور
عطش کو دفع کرتا ہی اور امعا کو پاک کرتا ہی اور امزجہ حارہ یابسہ مین احداث رطوبت کرتا ہی
اور زیادہ کرنا قرات حروف ترابیہ کا اور اون اسماکا کہ جو اون سے مرکب ہین کل رطوبات
کو دفع کرتا ہی بدن سے اور قوای دماغیہ کو تقویت بخشتا ہی اور مداومت کرنا اوسکے پڑھنے
پر جمیع اعضا و اعصاب کو قوت دیتا ہی اور مفتاح الاسرار سے حرز الامان مین نقل کیا ہی کہ
حروف آتشی یعنے کلمہ سباعیہ اہطم فشذ واسطے دفع امراض باردہ و بلغمی و اشتہاے
طعام و ہضم طعام و حسن رنگ و صحت آواز و پاکی سینہ از سردی و نزلہ و تقویت حرارت
غریزیہ و دفع لقوہ و فالج و رعشہ و زہر نیش عقرب و جمیع امراض باردہ رطبہ و قوت فکر کے
نافع ہین چاہیے کہ اوپر قدح آبگینہ چینی کے مشک و زعفران و گلاب سے روز یکشنبہ
یا سہ شنبہ کو وقت طلوع آفتاب لکھین اور ساتھ عسل کے ممزوج کرکے دھوکر مریض کو
پلاوین کہ صحت پاویگا انشاء اللہ تعالی اسی طرح حروف بادی یعنے کلمہ سباعیہ بوین
صتض واسطے جذب قلوب و صفای بشرہ و صحت و قوت باہ و دفع قروح باطنی و
دفع غم و ہم کے نافع ہی چاہیے کہ عنبر کو عرق کیوڑہ مین حل کرین اوس سے بروز پنجشنبہ
یا جمعہ وقت طلوع آفتاب لکھکر پانی مین دھوکر پلاوین اسیطرح حروف آبی یعنی کلمہ سباعیہ
جزکس قثظ واسطے تسکین عطش و زوال جمیع حرارت محرقہ و دفع سم افعی و حیہ اور
واسطے پاکی امعا کے علت و حرارت ردیہ و ورم سے سریع النفع ہی اور واسطے قضاے حاجات
کے بھی مفید ہی چاہیے کہ عنبر و عرق گاؤزبان سے روز دوشنبہ و چہارشنبہ کو بوقت طلوع آفتاب

برای شفا

برای جذب قلوب

برای دفع حرارت

لکھین اور پانی سے دھو کر پلا وین اسیطرح حروف خاکی یعنی کلمہ سباعیہ دحلعر خنع واسطے
دفع رطوبت دہن کے نیند مین اور واسطے قطع دم جراحت کے اور واسطے بند ہونے خون
نکسیر کے اور خون حیض مفرط کے کہ اوسکو استحاضہ کہتے ہین اور واسطے صحت امراض مزمنہ و
قوت چشم و دفع نسیان و بدخوابی کے نافع ہین چاہیے کہ مشک و کافور و عرق گاؤزبان سے
بروز شنبہ یا چہارشنبہ وقت طلوع آفتاب کے لکھین اور پانی سے دہو کر پلا دین اور حکمانے
لکھا ہی کہ ہفت حرف ناری اھطم فشذ واسطے قبول و رفعت پیش امرا و سلاطین کے
اور واسطے فتح و نصرت کے اعداپر بغایت مفید ہی جسوقت کہ قمر کسی برج ناری مین طالع ہو
لکھین اسی طرح ہفت حرف ہوائی بو ین صتض واسطے عطف قلوب و جلب محبوب و تہیج
محبت کے بغایت موثر ہین جسوقت کہ قمر کسی برج ہوائی مین طالع ہو لکھین اسیطرح
ہفت حرف آبی جزکس قثظ واسطے بطلان سحر و دفع تپ محرقہ و امراض دمویہ و
صفراویہ و دفع دمامیل و اندمال قروح کے نافع ہین جسوقت قمر کسی برج آبی مین طالع
ہو لکھین اسیطرح ہفت حرف خاکی دحلعر خنغ واسطے خرابی اعدا و عمارت و فرقت و عداوت
بین الشخصین نافع ہین جسوقت کہ قمر کسی برج خاکی مین طالع ہو لکھین کہ جلدی مطلب حاصل ہوگا

فصل تیسری ہی اس بعض مرکبات حروف منقوطہ و مہملہ وغیرہ مین

کتاب حرز الامان وغیرہ مین ہی کہ حروف بمنزلہ آلات کے ہین اور نقطہ بمنزلہ صاحب کے
ہے اور حروف منقوطہ کو ذوات ناطقہ کہتے ہین اور یہ پندرہ حرف ہین ++

غ	ظ	ض	ش	ز	ذ	خ	ج	ث	ت	ب
	ے		ن			ق			ف	

ان حروف کو جب مرکب کیا یہ پانچ کلمہ پیدا ہوے بتث تخذ زشض ظغف
قنی پس اگر راز و حال کسی شخص کا دریافت کرنا منظور ہو چاہیے کہ بروز یکشنبہ

بعد فراغ نماز صبح یا بوقت طلوع آفتاب ان پانچ لفظون کو بترتیب کو ر لکھکر بوقت شب زیر
بالین رکھکر سو رہین سب خیر و شر خواب مین ظاہر و معلوم ہو جائیگا اور باقی تیرہ (۱۳)
حرفون کو کہ جو بے نقطہ ہین اون کو حروف صوامت کہتے ہین وہ یہ ہین -

ا	ح	د	ر	س	ص	ط	ع	ک	ل	م	و	ہ

ان حرفون کو جب مرکب کیا یہ چار کلمہ پیدا ہوئے احل مرس صطع کلموہ
اگر ان حروف کو واسطے دفع غلبت غمازان و مکر ماکران و حسد حاسدان کے اٹھائیسوین تاریخ
ماہ عربی کو یا بوقت کسوف یا خسوف کے لوح سرب سیاہ پر یا قلعی پر لکھکر یا نگینہ کر کے
زیر نگین انگشتری کے رکھے اور انگشتری کو اپنے ہاتھ مین پہنے تو شر سے اون سب کے محفوظ
رہیگا اور کسیکی یہ طاقت نہوگی کہ اوسکے سامنے یا غیبت مین بدگوئی کرے یا تہمت
یا اہانت کرے جب تک کہ وہ انگوٹھی اوسکے پاس ہے اور حکماے اٹھائیس حرفون کو
اس طرح بھی تقسیم کیا ہے کہ اون مین سے اٹھارہ حرفون کو حروف متواخیات کہتے ہین
اور دس حرفون کو حروف خواتیم اور حروف متواخیات وہ ہین کہ دو دو یا تین
تین حرف ایک صورت پر ہون اور حروف خواتیم وہ ہین کہ جس حرف کا کوئی ہمشکل نہو

ا	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ہ	ی

ان حروف خواتیم کو جو مرکب کیا تو یہ لفظین پیدا ہوئین افق کلمن وہی اگر اسکو
تحریر کر کے صندوق البسہ مین یا خزانہ مین رکھین تو لباس و خزانہ بعافیت رہیگا اور
واسطے حفاظت کے باغ و ان کے بھی خوب ہے اور واسطے عافیت خانہ کے آتش زدگی
سے اور واسطے دفع دزد کے خوب ہے کہ ان حروف کو دسوین تاریخ ماہ عربی کے لکھکر
گھر مین رکھین وہ گھر آفات مذکورہ سے امان مین رہیگا اور اگر لوح طلا پر کندہ کر کے اپنے
پاس رکھین جب آفتاب برج اسد مین ہو تو جملہ مکارہ سے محفوظ و سالم رہیگا اور
واضح ہو کہ حکماے اٹھائیس حرفون مین سے تیرہ حرف واسطے محبت کے قرار دیے ہین

اور وہ تیرہ حروف واسطے دفع علت کے اور وہ تیرہ حروف محبت کے یہ ہین

ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص	ض	ع	غ

اور وہ دس حروف دفع علت کے یہ ہین ان حروف مین الف بھی ہے اور لام بھی ہے اس سبب سے حرف لا بھی ان حروف مین بعضون نے شامل کیا ہے تو گیارہ حروف دفع علت کے ہوے

ا	ب	ت	ث	ط	ظ	ف	ک	ل	ی

پس اگر حروف محبت کو شیرینی پر لکھ کر جسکے نام چاہے اپنے سر پر باندھے اوسکو محبت کامل ہوگی اور اگر بدن مین کوئی علت وارد ہو مثل درد چشم و درد سر و درد پا و درد شکم یا بخار کے عامل کو چاہیے کہ حروف دفع علت مین سے ایک حرف لیوے اور حروف علت مین سے دوسرا حرف لیوے مثلاً درد تمام سر پس ایک ایک حرف دونون جگہ سے ترتیب لیوے اسطرح د ا ر ب د ت م ث ا ط م ظ س ف ر ک ل ی ان حروف کو مرکب کرنے سے یہ کلمات پیدا ہوے دَارَبَ دَمَثَا اَطَمَظِ سَفَرِ کَلی ان کلمات کو لکھکر مریض کے سر پر باندھین اور پڑھکر پھونکین کہ شافی حقیقی صحت کلی عطا فرماویگا اور حکما نے بعض حروف کو حروف مصروعہ اور حروف الجان لکھا ہے کہ جو حرف تلفظ مین سہ حرفی ہو اور وسط مین اوسکے الف ہو پس الف کو گرا کے حرف اول و آخر کو اوسکے لیا ہے مثل دال ذال صاد ضاد قاف کاف لام واو کے کہ جب انمین سے الف گرا دیا تو یہ حروف باقی رہے دل ذل صد ضد قف کف لم ود جب انکو مرکب کیا یہ الفاظ پیدا ہوے دلذل صدضد قفکف لم ود چاہیے کہ ان حروف کو لکھکر مصروع کو پلا دین یا باندھین کہ انشاءاللہ تعالی اوس مرض سے نجات ملے گی اور جو کہ ان حروف و اسما کو اپنے پاس رکھے مضرت جن و علت صرع و جنون و خوف و رعب وغیرہ سے محفوظ رہے گا و اگر کسی لڑکے پر باندھین کہ جو خواب مین ڈرتا ہو تو ڈرنا اوسکا جاتا رہیگا و اگر کسی کے دل مین قلق و اضطراب ہو جب ان حروف و اسما کو اپنے پاس رکھے گا

دل اوسکا مطمئن ہو جائیگا اور اضطراب دفع ہوگا اور ان حروف کو حروف الجان اس لیے کہتے ہین کہ یہ کلمات پیشانی پر بعض جنون کے لکھے ہوئے ہین واللہ اعلم بالصواب ۔ در حرز الامان ہین ہو کہ اگر کسی کو کوئی درد کسی عضو مین پیدا ہو مثل رمد و صداع و وجع صدر و بطن و ظہر و ید و رجل وغیرہ کے اوجاع ظاہری و باطنی مین سے پس چاہیے کہ اوس عضو کا جو اسم عربی ہو حرف اول اوسکا لیوے اور درمیان ان حروف یازدہ گانہ دفع علت کے ہر ایک حرف کے ساتھ لکھے وہ حروف یازدہ گانہ یہ ہین ا ب ت ث ط ظ ف ک ل لا ی

مثلاً درد چشم ہو چشم کو عربی مین عین کہتے ہین عین کا حرف اول ع ہے پس ع کو ان گیارہ حرفون کے ساتھ لکھا اع بع تع ثع طع ظع فع کع لع لاع یع اب سب حرفون کو ترکیب دیکر لکھا اسطرح سے اعبع تعثع طعظع فعکع لعلاع یع پس اس نوشتہ کو صاحب درد اپنے پاس موضع درد پر رکھے اگر فائدہ ظاہر ہوا فبہا ورنہ حرف دوم عین کو کہ ی ہے اسی طرح گیارہ حرفون کے ساتھ لکھکر صاحب درد مقام درد پر رکھے واگر اس سے بھی درد چشم نجائے تو حرف سوم عین کو کہ ن ہے اسی طرح گیارہ حرفون کے ساتھ لکھکر موضع درد پر لٹکا دین کہ نتیجہ مترتب ہوگا اور درد تمام زائل ہو جائیگا انشاء اللہ تعالی اسیطرح کل امراض بدن مین یہ عمل کرنا باعث زوال اوس مرض کے ہو اور یہ عمل اکثر مطالب و مقاصد کے حاصل ہونے کے لیے کر سکتے ہین مثلاً اعمال محبت مین اسم طالب و مطلوب کو ساتھ لفظ محبت کے بطریق مذکور امتزاج دے سکتے ہین کہ ساعت سعد مین امتزاج دیکر اپنے پاس یا مقام پاکیزہ مین محفوظ رکھین اور اعمال عداوت مین الا خط ساعت نحس کا کرے اور لفظ درد یا صداع یا سل یا فالج یا القوہ یا موت کو بنام دشمن ترکیب دیکر موضع تاریک یا قبر قدیم مین دفن کرے کہ انشاء اللہ تعالی مقصود حاصل ہوگا

فصل چوتھی ترکیب بنانے افسون کی واسطے دفع درد کے

قاعدہ افسون بنانے مین واضح ہو کہ فصل تیسری مین بیان ہوا ہی کہ حروف دفع علت کے دس ہین
اور مع لام الف کے گیارہ ہین

ا	ب	ت	ث	ط	ظ	ف	ک	ل	ی

پس مثلاً واسطے دفع درد سر کے ایک حرف علت کا لیوے اور ایک حرف دفع علت کا لیوے
تو یہ ہوا دَارَبَ دَتَمَثَ اَطَمَظَ سَفَرِ کَلِیَ اور سر پر باندہین انشاء اللہ تعالی درد سر جاتا
رہیگا جیسا کہ ذکر ہو چکا اسی طرح اگر افسون درد چشم کا بنائے تو ایک حرف علت کا اور ایک
حرف دفع علت کا لیوین د ا ر ب د ت ج ث ش ط ہ ظ ف ک ل ی پس
اسکو مرکب کیا یہ ہوا دَارَبَ دَتَجَثِ شُطُ مُظِفُ کَلِیَ اسکو لکھکر آنکھ پر لٹکائے اور
پڑھکے پہوکے انشاء اللہ تعالی درد چشم جاتا رہیگا اور درد کمر کا افسون اسیطرح بنایا
د ا ر ب د ت ک ث م ط ر ظ ف ک ل ی اسکو مرکب کیا یہ ہوا دارب
دَتَکَثِ مُطُرِ ظِفُ کَلِیَ اسکو کمر پر باندہین اور پڑہین انشاء اللہ تعالی درد کمر جاتا رہیگا
اور درد شکم کا افسون اسیطرح بنایا د ا ر ب د ت ش ث ک ط م ظ ق ک
ل ی اسکو مرکب کیا یہ ہوا دَارَبَ دَتَشَثِ کُطُمُظِ فَکَلِیَ اسکو شکم پر باندہین
اور پڑھکے پھوکین انشاء اللہ تعالی درد شکم جاتا رہیگا اور قاعدہ اعراب دینے کا یہ ہے
کہ حروف ناری اہطم فشذ کو ضمہ دیوین اور حروف بادی بوین صتض کو فتحہ دیوین
اور حروف آبی جزکس قثظ کو کسرہ دیوین اور حروف خاکی دحلعر خغ کو جزم
دیوین واگر حروف خاکی مین سے کسی حرف مین حرکت دینے کی ضرورت ہو تو کسرہ دیوین
کہ الساکن اذا حُرِّکَ حُرِّکَ بالکسر اور دوسرا قاعدہ اعراب دینے کا یہ ہی کہ کلمہ سباعیہ
ناریہ حارہ اَفَ کلمنع ہی کہ یہ حروف مفتوح ہین جہان کہین عبارت مین ان حرفون مین سے کوئی
حرف آوے اوسکو مفتوح پڑھنا چاہیے اور کلمہ سباعیہ ہوائیہ باردہ جُزکُسُ فثُع ہے کہ یہ
حروف مضموم ہین اور کلمہ سباعیہ مائیہ رطبہ ہر شثذ صطِ ہی کہ یہ حروف مکسورہ ہین اور
اور کلمہ سباعیہ ترابیہ یابسہ بد خطغصق ہی کہ یہ حروف مجزومہ ہین اس قاعدے سے بھی

طریقہ دوم

عبارت مین اعراب دیتے ہین مگر اکثر کا عمل قاعدہ اہطمم فشذ پر ہی اور دوسرا طریقہ افسون بنانے کا یہ ہی کہ حروف علت مین حسب عنصر کے حروف ہون اون حروف کو دیکھین کہ کس برج اور کس کوکب سے متعلق ہین مثلاً کلمۂ ناری اہطمم فشذ متعلق بر برج آتشی سے ہین کہ حمل و اسد و قوس ہین اور کلمۂ خاکی دحلعر خغ متعلق بروج خاکی سے ہین کہ ثور و سنبلہ و جدی ہین اور کلمۂ بادی بوین صتضن متعلق بروج بادی سے ہین کہ جوزا و میزان و دلو ہین اور کلمۂ آبی جزکس قثظ متعلق برج آبی سے ہین کہ سرطان و عقرب و حوت ہین جدول اسکی یہ ہی

حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
ا	د	ب	ز	ف	ع	و	ق	ط	خ	ی	ظ
م ذ	ح ل	ن ض	ج س	ھ	ر	ص	ث	ش	غ	ت	ک

افسون مرض درد سر

اور یہ بروج متعلق کواکب ہین پس حروف برج بھی متعلق اوسی کوکب سے ہو جائینگے کہ جو جس برج کا مالک ہی پس ایک حرف جملۂ علت کا لیوین بعدہ حروف برج و کوکب اوسکے ساتھ ملا دین اور با اعراب حکما معرب کرین کہ افسون بنجاویگا مثلاً افسون درد سر کا بنانا منظور رہی پس دیکھا کہ لفظ دردسر مین کس کس عنصر کے حروف ہین تو حروف خاکی دحلعر خغ سے دو دال و ر دو رے ہین اور حروف آبی جزکس قثظ سے ایک سین ہی اب دیکھنا چاہیے کہ یہ حروف کس برج اور کس ستارے سے متعلق ہین پس حروف مرض کو مقدم رکھکے ساتھ حروف برج کے ترکیب دینا چاہیے اور جدول بروج و کواکب و حروف یہ ہے

شمس	مشتری	راس	راس	مشتری	مرض
اسد	قوس	جدی	دلو	حوت	دردسر
ف ھ	ط ش	خ غ	ت ی	ک ظ	سردرد
س	ر	د	د	ر	×
سِفَہ	رَطَشِ	دَخَغَ	دَتَیَ	رَکَظَ	×

پس برج آفتاب اسد ہی حروف اوسکے دو ہین ف ھ اور برج مشتری قوس و حوت ہین حروف
قوس ط ش ہین اور حروف حوت ل ظ اور جدی و دلو برج راس ہین حروف جدی
خ غ ہین اور حروف دلو ت ی پس حروف مرض کو ساتھ حروف برج کے ترکیب دیا
یہ الفاظ پیدا ہوے سفہ رطس دخغ دی رکظ اسکو سر پر باندہین اور پڑھکر پھونکین
درد سر جاتا رہیگا اور یہ طریقہ مجملاً بیان کیا گیا تفصیل اسکی کتب فن مین ہی اور سوا ان
دو طریقون کے افسون بنانیکے طریقے اور بھی ہین کہ وہ لایق اس مختصر کے نہین ہین

فصل پانچوین خواص حروف مفردہ مین

خاصیت حرف الف واضح ہو کہ شیخ نجیب الدین حسین سکاکی نے اپنی کتاب
خواص حروف مین لکھا ہی کہ جو شخص کہ صبح کو قبل بات کرنے کے حرف الف کو ہزار بار زبان برای ثروت و نعمت
پر جاری کرے وہ شخص صاحب ثروت و نعمت ہو جائیگا و اگر ہزار الف لکھکر اپنے ساتھ
رکھے تو یہی خاصیت پیدا کرے گا اور جسوقت کہ اثر وضع حمل ظاہر ہو چاہیے کہ اوسوقت برای وضع حمل
وضو کرین جب تری وضو کی خشک ہو جاوے تب زن حاملہ کے ہاتھون اور پاؤن کے
سب ناخونون پر ایک ایک الف لکھدین انشاء اللہ تعالی بآسانی و جلدی وضع حمل ہوگا
اور واسطے شفای مریض کے ڈہائی سو الف زعفران سے کاسہ چینی پر لکھین اور دھوکر برای شفای مریض
مریض کو پلاوین اور بروقت لکھنے کے اسم یا رحمن یا رحیم ذکر کرتے رہین انشاء اللہ تعالی
مریض صحت پائیگا اور واسطے جب کے جب قمر برج حمل یا ثور مین ہو کر ناظر السعود و ساقط برای جلب
از نحوس ہو اوسوقت ایک دائرہ کھینچین اور اوسمین نام مطلوب و نام مادر مطلوب لکھین
اور گرد اوسکے ایک سو گیارہ حرف الف لکھین کہ عدد لفظ الف کے ہین اور نزدیک آتشدان
کے اوسکو لٹکا دین تا کہ حرارت آگ کی اوسمین پہونچے تو اثر عظیم محبت کا دل مین محبوب برای محبت
کے پیدا ہوگا اور واسطے بیماری دشمن کے جب قمر برج وبال یا ہبوط مین ہو کر متصل نحوس برای بیماری دشمن

ومنصرف ومنقطع کوکب سعد سے ہوا وسوقت ایک لوح سرب پر ایک دائرہ کھینچین اوسمین نام دشمن ونام مادر دشمن کا لکھین اور ایک سو گیارہ الف کہ عدد ملفوظی اسکا ہی لکھین پس اوس لوح کو گورستان قدیم مین جاکر ایک قبر کہنہ مین کہ نام صاحب قبر کسیکو معلوم نہو دفن کرین وہ دشمن بیمار و پریشان روزگار ہو جائیگا اور واسطے عزت و حرمت کے جو کہ شب جمعہ کو ایک سو گیارہ حرف الف لکھکر اپنے پاس رکھے اور بروقت لکھنے کے یاحنان یا الله ذکر کرتا رہے وہ شخص نزدیک بادشاہون اور بزرگون کے صاحب عزت و حرمت ہوگا اور وہ لوگ اسکو دوست رکھین اور دل اسکا صاف و روشن ہو جائیگا اور جو حاجت اسکی ہوگی وہ برائیگی اور شیخ حافظ رجب بن محمد البرسی الحلی نے کتاب مشارق الانوار مین لکھا ہی کہ الف اول مخترعات سے ہی اور اسی سے تمام مرتبے عالم کے ہین اور سب حروف اسکے طرف محتاج ہین اور یہ خود غنی ہی اوسنے اور جو کہ ظاہر و باطن الف کو پہچانے وہ درجہ صدیقین و مرتبہ مقربین تک پہونچے کیونکہ الف کے ظواہر و بواطن ہین ظواہر اوسکے تین ہین عرش و لوح و قلم اور الف مرکب ہی تین نقطون سے اور بواطن اوسکے پانچ ہین باطن اول اوسکے تین ہین عقل و روح و نفس اور باطن ثانی اوسکا ایک سو دس ہین کہ یہ عدد بسایط اوسکا ہی اور عدد اسم اعظم ہی پس عدد مذکور سے گیارہ طرح کرین تو ننانوے باقی رہے کہ عدد اسمای حسنی ہی اور باطن ثالث اوسکا المستر ہی کہ یہ عدد مفصل اوسکے لام کا ہی کہ جو قلب الف ہی ل ا م یہ عدد بھی مادہ اسم اعظم کا ہی اور باطن رابع اوسکا بانوے ہی کہ یہ فیض لام ہی یعنی میم کہ عدد اوسکے نوے ہین اور دو عدد الف و لام مین ہین اور یہ عدد ظاہر اسم اعظم ہی اور باطن خامس اوسکا نو ہے کہ مفردات الف کو فی نفسہ ضرب کرنے سے نو ہوتے ہین یعنی الف تین حرف ہین جب تین کو تین مین ضرب کیا تو نو ہوے اگر الف کو بسط حرفی کرین تو بھی نو حرف ہوتے ہین اس طرح ال ف ل ام م ی م اور مفردات عرش و لوح و قلم بھی نو ہین اس طرح

ع رش ل وح ق ل م اور مفردات عقل و روح و نفس بھی نو ہین اسطرح ع ق ل ر وح ن ف س
پس نفس استمداد کرتا ہی روح سی اور روح استمداد کرتی ہی عقل سے اور جمیع انوار علویہ استمداد کرتے ہین
حرر عرش سے جسطرح کہ جمیع حروف استمداد کرتے ہین نور الف سے اور ہر اک حرف قایم ہی
ساتھ سر الف کے اور الف سر کلمہ ہے اور متعلق ہی ساتھ عقل کے اور قایم ہے ساتھ سر عقل
کے اور عقل قایم ہے ساتھ اوسکے اور تمام حروف سر الف مین ہین لیکن درمیان اون
سبکے فرق ہی مرتبہ مین پس الف عقل قایم ہی اور الف روح مبسوط ہی فمن عرف ظاہرہ
وَبَاطِنَهُ اَدْرَكَ خَفِيَ الْاَسْرَارِ وَمَكْنُوْنَ الْاَنْوَارِ وَهٰذَا الْعِلْمُ الشَّرِيْفُ لَوْ كُشِفَ
لِلنَّاسِ مِنْهُ سِرٌّ مَا بَيْنَ الْاَلِفِ وَاللَّامِ وَالْمِيْمِ الَّتِيْ هِيَ جَوَامِعُ الْاَمْرِ الْحَكِيْمِ
لَاضْطَرَبَ كُلُّ سَلِيْمٍ وَجَهِلَ كُلُّ عَلِيْمٍ اور بعض رسائل مین لکھا ہی
اَلْاَلِفُ سِرُّ الْاَحَدِيَّةِ وَالْبَاءُ بَهَاءُ الْاَلِفِ وَالتَّاءُ تَابِعُ الْاَلِفِ وَالثَّاءُ ثَنَاءُ
الْاَلِفِ وَالْجِيْمُ جَمَالُ الْاَلِفِ وَالْحَاءُ حَيَاتُ الْاَلِفِ وَالْخَاءُ خُلْقُ الْاَلِفِ
وَالدَّالُ دَوَامُ الْاَلِفِ وَالذَّالُ ذَاتُ الْاَلِفِ وَالرَّاءُ رَفْعُ الْاَلِفِ وَالزَّاءُ زَيْنُ
الْاَلِفِ وَالسِّيْنُ سِرُّ الْاَلِفِ وَالشِّيْنُ شَرَفُ الْاَلِفِ وَالصَّادُ صَفَاءُ الْاَلِفِ
وَالضَّادُ ضِيَاءُ الْاَلِفِ وَالطَّاءُ طِيْبُ الْاَلِفِ وَالظَّاءُ ظَاهِرُ الْاَلِفِ وَالْعَيْنُ عِلْمُ
الْاَلِفِ وَالْغَيْنُ غَيْبُ الْاَلِفِ وَالْفَاءُ فَهْمُ الْاَلِفِ وَالْقَافُ قُوَّةُ الْاَلِفِ
وَالْكَافُ كَمَالُ الْاَلِفِ وَاللَّامُ لُطْفُ الْاَلِفِ وَالْمِيْمُ مُلْكُ الْاَلِفِ وَالنُّوْنُ
نَفْسُ الْاَلِفِ وَالْوَاوُ وَصْلُ الْاَلِفِ وَالْهَاءُ هِدَايَةُ الْاَلِفِ وَالْيَاءُ يَقِيْنُ الْاَلِفِ
پس سر ہر حرف کتابت الف مین ہی وہ سر کتابت حروف بعضین حروف مین ہی اور واسطے
حروف کے خواص ہین باعتبار اعداد کے جو حرف کہ عدد اوسکا فرد ہی عالم جلال ہی اور
جو حرف کہ عدد اوسکا زوج ہی عالم جمال ہی پس زبر الف مفتاح احدیۃ و سر الوہیت ہے
اور بینات الف یعنی ل ف ہمعدد علی ہین کہ ایک سو دس ہین اور نصف اسکا پچپن ۵۵

بعدد اسم مجیب و اسم دایم ہی اور عشر اوسکا گیارہ بعدد اسم اعظم لفظ ھو کا ہی اور مجموع اعداد
مذکورہ اکیسو چھہتر بعدد کلمہ طیبہ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کے ہی اور نصف اوسکا اٹھاسی بعدد
اسم حلیم کے ہی اور ربع اوسکا چوالیس اور ثمن اوسکا بائیس و نصف ثمن اوسکا گیارہ کہ مجموع
اعداد مذکورہ ایک سو پینسٹھ ہوتے ہین بعدد کلمہ لا الہ الا اللہ کے ہین اور زبر و بینات
الف کے ایک سو گیارہ بعدد اسم کافی کے ہین فمن ذاق حلاوۃ ھذہ الاسرار لا
یموتُ قلبہ فی جسدٍ بل ھُوَ حیٌّ فِی اللہ اراہین اور جواہر خمسہ مین ہی کہ ہر حرف بذاتہ
مرکز ہی اور مدار ظہور اوسکا اوسی سے ہی اور مرکز کل حروف کا الف ہی اور الف قطب
حروف ہی اور قطب اسمای الٰہی ہی کہ اعداد الف و اعداد قطب برابر ہین اگر کوئی ساتھ
حقیقت الف کے متصف ہو جاے یعنی دعوت الف مین کامل ہو جاے وہ قطب عالم
ہو جاتا ہی اور اوسکو مرتبہ قطبی حاصل ہوتا ہی۔ **خاصیت حرف با** شیخ ابو العباس احمد
بن علی القرشی البونی نے کتاب شمس المعارف مین لکھا ہی کہ حرف با حروف ظلمانیہ
سے ہی اور حروف ظلمانیہ چودہ حرف ہین کہ جو سوای حروف مقطعات قرآنی کے ہین اور
حروف مقطعات قرآنی سب نورانی ہین اور مجموعہ حروف نورانی کا یہ جملہ منورہ ہے
صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمْسِکُہٗ اور سوای ان حروف کے باقی سب حروف ظلمانی ہین اور
بسملہ مین سب حروف نورانی ہین سوای حرف با کے کہ حق تعالے نے اس حرف با کو اول
آیات سورہای قرآنی گردانا ہی اور ہر سورہ مین اول سورہ قرار دیا ہی اور اس مین
ایک سر عظیم مخفی ہے کہ سوای اخص خواص کے کسی کو اوسپر اطلاع نہین ہی اور یہ حرف با
واسطے توسل خیرات کے ہی اور بالطبع باردہی یہی وجہ ہی کہ آیہ امان مین یعنی بسملہ مین
شروع ساتھ حرف با کے ہوا اور یہ حرف حروف باقیہ مین سے ہی روز قیامت مین جب
حق تعالی نے اس حرف کو خلق کیا تو اکاسی فرشتے اسکے ساتھ پیدا کیے کہ وہ تا روز
قیامت تسبیح و تقدیس الٰہی مین مشغول ہین اور مددگار اس حرف کے ہین پس جس اسم مین

فضائل حرف با

اسمای آلہی مین سے یہ حرف ہو خصوصا اول مین جو کوئی اوسکی مداومت کرے گا واسطے
حصول مقاصد کے نہایت نافع ہوگا اور کتاب سکاکی مین مذکور ہی کہ جو محبوس و قیدی حرف
با کو ہزار بار زبان پر جاری کرے قید سے خلاصی پاوے اور جو کہ ہزار بار اس حرف کو لکھکر
اپنے پاس رکھے وہ سب بلاؤن اور آفتون سے محفوظ و محروس رہیگا اور کوئی اوسکو
ضرر نہین پہنچا سکے گا **خاصیت حرف تای مثناة** سکاکی نے اپنی کتاب مین
لکھا ہی کہ اگر کوئی شخص حرف ت کو بعدد مجمل اوسکے کہ چار سو ہین زبان پر جاری کرے
دروازہ اقبال کا اوسپر کھل جائیگا اور فتوح ہوگا **خاصیت حرف ثای مثلثہ**
کتاب سکاکی مین ہی کہ اگر کوئی ہر روز حرف ث کو بعدد مجمل اوسکے کہ پانچسو ہین زبان پر
جاری کرے تو واسطے احداث محبت کے بے نظیر ہی اور اگر اس حرف کو پانچ سو مرتبہ لکھکر زیر
گہوارہ اطفال رکھین تو لڑکے خواب و بیداری مین نڈر رہین اور شیخ حافظ رجب بن محمد البرسی
الحلی نے مشارق الانوار مین لکھا ہی کہ حرف ث آخر اسم الوارث والباعث مین
ظاہر ہوا لیکن ظہور ث کا آخر الوارث مین اشارہ ہی طرف فنای موجودات کے اور
آخر الباعث مین اشارہ اس طرف ہی کہ وہ قادر ہی اوپر بعث خلق کے بعد ممات کے
اور اوپر جمع خلق کے بعد پراگندہ گی کے **خاصیت حرف جیم** سکاکی نے لکھا ہی کہ
اگر جیم کو بعدد مفصل اوسکے کہ تریپن ہین ایک جام پر لکھکے دہوکر پئین جو مرض بدنمین
ہوگا دفع ہو جائیگا اور اگر کوئی حرف جیم کو نو ہزار مرتبہ زبان پر جاری کرے تو حضرت
رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اوس شب خواب مین دیکھے گا اور بعض کتب خواص
مین مذکور ہی کہ اگر کسی مرد نوداماد کو سحر کر کے باندھا ہو کہ وہ ازالہ بکارت زوجہ سے عاجز
ہو اس حرف کو ہزار مرتبہ ایک نئے طشت پاک پر باقلمی کیے ہوے پر لکھین اسطرح ج
اور آب شیرین سے دھوکر پئین قوت مباشرت اوسکی عود کرے گی اور ازالہ بکارت
ہو جاوے گا و اگر بوقت طلوع آفتاب کے اس حرف کو بعدد مفصل اسکے تریپن مرتبہ لکھین

اور بروقت لکھنے کے یا بارئ یا کبیدہ پڑھتے رہیں اور اپنے ساتھ رکھیں تو انشاء اللہ تعالے
زبان بدگویان و دشمنان بند ہو جائیگی اور ارواح کو دیکھ سکیگا و اگر کار و بار سے معزول
ہوا ہو تو بحال ہو جائیگا اور عمر میں اوسکے برکت پیدا ہوگی **خاصیت حرف حای مہملہ**
حرز الامانین ہی کہ اگر کوئی حرف حا کو بعدد مجمل اوسکے کہ آٹھ ہیں انگوٹھی کے نگینہ پر لکھی اسطرح ح ح ح ح ح ح ح ح
صاحب تپ اوس انگوٹھی کو پہنے شفا ہوگی اور اگر وہ انگوٹھی پانی میں ڈالیں بعدہ وہ پانی صاحب تپ کو پلاوین
حرارت اوسکی زائل ہو جاویگی اگر اوس پانی میں صاحب تپ چندبار غسل کرے تپ بالکل دفع ہو جائیگی
اور جو کہ اس انگوٹھی کو اپنے پاس رکھے قوت باہ اوسکی زیادہ ہوگی اور اگر اوسکو سحر کرکے
باندھا ہو تو سحر باطل ہو جائیگا لیکن چاہیے کہ یہ حرف انگشتری پر اوسوقت نقش کریں
کہ جب قمر ناظر بسعود و منصرف از نحوس ہو اور ساعت اول یا ساعت ہشتم روز دوشنبہ
یا جمعہ کو لکھکر اپنے پاس رکھیں اور لکھا ہی کہ حرف حا واسطے دفع حمیات محرقہ و دفع اورام حارہ
و جمیع امراض کے کہ جو یبوست یا حرارت سے پیدا ہوتے ہیں نہایت نافع ہی اور مواظبت
کرنا اس حرف کی تکرار پر احداث برودت و رطوبت کرتا ہی اور یہ حرف کل حروف باردہ میں
سے ایسے اعمال میں قوت نفوذ و تاثیر میں ممتاز ہی اور فعل اسکا اقوی و اکمل ہی بہ نسبت
کل اون حروف کے کہ جو اس مزاج پر ہیں اور شمس المعارف میں ہی کہ اس حرف کو نرم کرنے
میں قلوب کے اور تسکین غضب میں ایک سر عجیب ہی اور جلب مودت و جذب نفوس میں
تاثیر عظیم ہی **خاصیت حرف خای معجمہ** حرز الامان میں ہی کہ اگر اس حرف کو بارہ
ٹکڑوں پر خشت پختہ آب نا رسیدہ کے لکھیں اور باغ و مزرعہ میں وہاں پر دفن کریں کہ جہان
گذرگاہ آب ہو وہ باغ و مزرعہ جمیع آفات ارضی و سماوی سے امین و محفوظ رہے گا اور
خیر و برکت اوسمیں حاصل ہوگی اور سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر چاہیں کہ غائب کی خبر معلوم ہو
چاہیے کہ اس حرف کو بعدد مجمل اسکے یعنی چھ سو مرتبہ پڑھا ہیں اور جس طرف کو غائب ہی اوس
طرف پھونکیں کہ خبر اوسکی جلدی ہی آئیگی و اگر نجانے کہ غائب کس طرف کو ہی تو پس چھ سو

مرتبہ لکھکر اپنی زیر بالین رکھکر سو رہے تو غائب کو خواب مین دیکھے گا اور حال اوسکا معلوم کریگا اور اگر بر وقت پڑھنے اس حرف کے اسم الخبیر کو بھی اسی کے ساتھ چھ سو مرتبہ پڑھے تو حصول مقصود مین یعنی اطلاع حال غائب مین ابلغ و اکمل ہوگا اور اپنی مراد کو پہونچے گا **خاصیت حرف دال مہملہ** شمس المعارف مین ہی کہ حرف دال اسرار دیمومیۃ سے ہی اور حق سبحانہ تعالی نے بسبب اسکے تکمیل طبائع اربعہ کی کی ہی اور طبیعت اس حرف کی فی الجملہ بارد معتدل ہی پس اگر کوئی شخص ہر صبح و ہر شام کو ایک بلندی پر جاکر اس حرف کو بعدد مفصل اس کے پینتیس مرتبہ زبان پر جاری کرکے طرف خانہ دشمن کے پھوکے وہ گھر جلدی برباد ہو جائیگا اور اہل خاصیت نے لکھا ہی کہ جب قمر سرطان مین ہو اور مشتری کو بنظر مودت ناظر ہو اوس وقت پینتیس عدد ہندسے کہ عدد مفصل اوسکا ہی اسطرح ۳۵ قطعہ حریر سفید پر لکھکر زیر نگین انگشتری رکھین اور وضو کرکے اور لباس پاک و پاکیزہ پہن کے وہ انگشتری پہن لیوین پس اگر پہننے والا منعم ہی تو نعمت اوسکی باقی رہیگی اور خیر و برکت زیادہ ہوگی و اگر مفلس ہے تو ابواب رزق و روزی اوسپر کشادہ ہو جائینگے انشاء اللہ تعالی و اگر شب چہارشنبہ کو مقام خلوت مین بیٹھکر مشک و زعفران سے پینتیس ۳۵ دال لکھین اور بر وقت لکھنے کے اسم یاحنان یامنان پڑھتے رہین اور اپنے پاس رکھین تو دل اور ہاتھ کشادہ ہو جائیگا اور نظر مردم مین عزت و حرمت اور اعتبار کلی ہوگا اور واسطے ادای قرض کے بھی مفید ہی **خاصیت حرف ذال معجمہ** اہل خاصیت نے لکھا ہی کہ حرف ذال اعمال مین واسطے بعد و مفارقت کے ہے اور تفریق ظلمہ و فسقہ مین تاثیر عظیم رکھتا ہی اگر اس حرف کو سات سو مرتبہ کہ عدد مجمل اوسکا ہی مقرون باسم المذل ساعت منحوسہ مین لکھے اور گھر مین اوس ظالم کے کہ جسکے ظلم و فسق سے لوگ محنت و ایذا مین ہون دفن کرے وہ گھر جلدی ویران اور وہ ظالم و فاسق سرگردان ہو جائیگا انشاء اللہ تعالی اور اگر اس حرف کو کسی ظرف چینی یا شیشہ پر سات سو مرتبہ لکھے اور اوس کنوین سے کہ صاحب و مالک اوسکا معلوم نہو یا چاہ معطل سے پانی لیکر دھوئے

اور گھر مین اوس فاسق کے دیوارون اور زمین پر چھڑکے تو وہی خاصیت دیگا اور اگر دو نون
عمل بجالاوے تو نتیجہ قوی تر دیگا اور جلدی صاحب منزل بیچارہ و آوارہ ہو جائے گا
برائے محبوب القلوب
اور سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر اس حرف کو سات سو مرتبہ بعدد مجمل پڑھے اور روٹی و شیرینی پر
دم کر کے کتون کو کھلاوے تو وہ شخص محبوب القلوب ہو جائیگا اور دل اوسکی طرف مائل
برائے حفاظت مال
و راغب ہیگا اور جو کہ سات سو اکتیس مرتبہ حرف ذ کو لکھے بروز شنبہ وقت طلوع آفتاب
اور اوس مسجد مین کہ جہان نماز جمعہ پڑھتے ہون دفن کرے بہ نیت امانت اور بروقت لکھنے کے
یہ دو اسم یا حی تیان یا خالق پڑھتا رہے پس اگر مال اوسکا دہان اژدہا مین ہوگا تو محفوظ
برائے حصول دفینہ
رہیگا اور اگر اوسکا کوئی غائب ہو وہ جلدی آویگا **خاصیت حرف رای مہملہ** سکاکی
نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ اگر کوئی اس حرف کو آٹھ سو مرتبہ کان مین مرغ سفید کی پڑھے
اور اوسکو چھوڑ دے پس جہان پر کہ دفینہ ہوگا وہ مرغ وہان پر جا کر اپنی منقار و چنگل زمین
پر مارے گا اور اگر اس حرف کو آٹھ سو بار لکھکر اپنے کان مین رکھے اور بعد ایک ساعت
کے نکال کر ایک کاسہ قلعی مین رکھے اور اوسپر نمک اسقدر ڈالے کہ وہ پوشیدہ ہو جاے
پس اوس کاسہ کو اوسی طرح اپنی زیر سر رکھکر اس حرف کو پہر اوسی قدر اپنی زبان پر جاری
کرے اور سو رہے تو دفینہ کو خواب مین دیکھیگا کہ کہان ہی یا کوئی اوسکو نشان دیگا کہ
برائے ہیبت
دفینہ پر مطلع ہو جائیگا **خاصیت حرف زای معجمہ** حرز الامان مین ہی کہ اگر کوئی
اس حرف کو چھتیس مرتبہ پوست آہو پر لکھے جبکہ قمر برج وبال مین یعنی جدی مین ہو اور
مریخ تحت الارض ہو اوس نوشتہ کو اپنے پاس رکھے تو سب لوگ اوس سے ڈرینگے اور
فضائل حرف س
ہیبت اوسکی لوگون کے دلون مین سرایت کریگی انشاء اللہ تعالیٰ **خاصیت حرف**
سین مہملہ شمس المعارف مین ہی کہ سین ایک حرف ہی حروف ظاہر اسم اعظم سے اور اسم اعظم کا ظاہر ہے
اور باطن تو ظاہر اسم اعظم سے ساتون آسمان و زمین قایم ہین اور باطن سے اوسکے
علویات و عرش و کرسی قایم ہی یہی سبب ہی کہ حروف سین اول سمٰوات و مرتبہ ثالث کرسی

مین پیدا ہوا اور جبکہ حق تعالی نے اس حرف کو پیدا کیا تو اسکے ساتھ سات لاکھ تین سو اسی
فرشتے ملائکہ مقربین سے اسکی تعظیم و توقیر کے لیے اور واسطے امداد و اعانت روحانیت اسکی
کے بھیجے اور یہ حرف درمیان سب حروف تہجی کے ساتھ اس صفت کے مخصوص و ممتاز ہی
کہ زبر اوسکا ساٹھ بینات اوسکے کے مساوی ہی کہ س حروف ملفوظی سے ہی اول اوسکا
زبر ہی کہ عدد اوسکا ساٹھ ہی اور دو حرف اور یعنی یا اور نون بینات ہین کہ ان دونون کے
اعداد بھی ساٹھ ہین اور یہ نوادرات و غرائبات مین سے ہی اور بعضی علما نے تفسیر یٰسین مین
فرمایا ہی کہ یا حرف ندا ہی اور سین مخاطب اسم اون حضرت کا ہی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
اور سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر کوئی اس حرف کو ہر روز بوقت پیشین ساٹھ بار پڑھا کرے
تو بعون اللہ تعالی وہ شخص صاحب کرامات ہو جائیگا اور چاہیے کہ سین کو ساتھ یا کے
خطاب کے پڑھے یعنی یٰسین کہے تا نتیجہ کلی مترتب ہو تو اگر اس حرف کو ساٹھ مرتبہ
لکھکر کسی لڑکے پر باندھے وہ لڑکا جلدی باتین کرنے لگے اور لکنت اوسکی زبان کی
برطرف ہو جائیگی اور مشارق الانوار مین ہی کہ یٰسین دل قرآن ہی کیونکہ باطن اوسکا
محتوی ہی اوپر سرِ محمد و علی کے کہ خدا نے فرمایا یٰسین و القرآن الحکیم انک
لمن المرسلین اور یا و سین اسم محمد ہی ظاہر اور باطن مین یا و سین اسم علی ہی کیونکہ
ولایت باطن نبوت ہی پس خدا نے فرمایا کہ ای حبیب میرے ای محمد بحق اسم تیرے
اور اسم علی کے کہ یا و سین مین ظاہر و باطن ہی بدرستیکہ تو رسول میرا ہی بحق سب
تمام خلق اور رسائل مین ہی کہ جو ایک سو بیس س لکھے روز جمعہ کو کہ عدد ملفوظی اسکا
ہی اور اپنے پاس رکھے تو کوئی شخص اوس سے مجادلہ نہین کر سکتا ہی اور جو کام یہ کریگا
لوگون کے دلون مین شیرین معلوم ہوگا اور اگر سفر مین جائیگا تو پھر وطن مین آئے گا
اور لوگ اوس سے ڈرین گے اور چاہیے کہ بروقت لکھنے حرف سین کے ان دو اسمونکو
پڑھتا رہی یا حلیم یا معید اور جو کہ اس حرف کو باموکل لکھکر اپنے پاس رکھے پس جو

کوئی اوسکو دیکھے دوست اوسکا بنے واگر ظالم کے پاس جاوے تو وہ مہربان ہو جائے
اگرچہ اسنے خون کسی کا کیا ہو واگر کوئی اوس سے دشمنی کرے وہ مرجاے یا زخمی ہو جائے

اورحرف مع موکل یہ ہے یا ہمو اکیل بحق سین ۱۲ **خاصیت حرف شین معجمہ** سکاکی

۱۲ علم زو مادہ حمل — نے لکھا ہے کہ اگر معلوم کرنا چاہین کہ حاملہ لڑکی جنے گی یا لڑکا پس جب فرش خواب پر آوین
اس حرف کو تین سو مرتبہ بعد مجمل اسکی زبان پر جاری کرین اور سو رہین خواب مین اوسکو

۱۲ آسانی وضع حمل — معلوم ہو جائیگا کہ حمل پسر کا ہے یا دختر کا اور واسطے آسانی وضع حمل کے اگر کسی کھانیکی
چیز پر یا شیرینی پر تین سو مرتبہ پڑھ کے حاملہ کو کھلا دین جسوقت کہ اثر وضع حمل ظاہر
ہو تو ساتھ آسانی و سرعت کے وضع حمل ہوگا اور بعض رسائل مین ہے کہ واسطے زبان
بندی خلایق کے اس حرف کو مع موکل کے زعفران سے لکھکر اپنے پاس رکھے اور واسطے
دفع دشمن کے دل مین خیال دشمن کا کرکے سو بار صبح کو اور سو مرتبہ شام کو باغیظ و غضب
پڑھے اور واسطے محبت کے کسی چیز خوردنی پر پڑھ کر محبوب کو کھلا دے واگر کھلا نسکے تو
شنگرف سے لکھکر ہوا مین لٹکائے اور حرف مع موکل کے یہ ہے یا اھر ائیل بحق شین ۱۲

۱۲ قطع مسافت — **خاصیت حرف صاد مہملہ** سکاکی نے کتاب خواص الحروف مین لکھا ہے کہ جو کہ راہ
چلنے مین اس حرف کے پڑھنے پر مداومت کرے تو زمین اوسکے زیر قدم پیچیدہ ہو جائیگی

۱۲ دفع مرض جوع — اور جلدی قطع مسافت کرے گا اور ماندہ نہوگا اور کہتے ہین کہ جو کہ ہر صبح کو بعد نماز
صبح کے اس حرف کو پچانوے مرتبہ بعد مفصل اسکے مع اسم الصمد کے پڑھے مرض جوع

۱۲ دور سحر و ہلاک دشمن — سے نجات پائے گا اور باطن مین اوسکی صفت اطمینان پیدا ہوگی اور اگر پچانوے ص
مشک و زعفران سے ایک کاسہ پر لکھین اور بروقت لکھنے کے یا قاھر یا عزیز پڑھتے
رہین اور حمام مین جاکر اوسی کاسہ سے مرد مسحور کے سر پر پانی ڈالین سحر باطل ہو جائیگا

۱۲ ہلاک دشمن — واگر کلام اللہ مین رکھین دشمن مرجائیگا **خاصیت حرف ضاد معجمہ** سکاکی نے کتاب
خواص الحروف مین لکھا ہے کہ عمل اس حرف کا قہریات مین بنہایت قوی ہے خصوصاً بلکہ

اسکو آٹھ سو مرتبہ بنام دشمن لکھین اور اوسکے گھر مین دفن کرین یا لکھکر دھووین اور اوسکے
گھر مین دیوار پر چھڑکین وہ دشمن نیست و نابود ہو جائیگا انشاء اللہ تعالیٰ اور جو کہ اس حرف کو
بعد مجمل اسکے یعنی آٹھ سو مرتبہ کسی کہانے کی چیز پر پڑھ کے کسی مجنون کو کہلاوین یا جسکو
کہ ضعف دل و خفقان ہو تو باذن اللہ تعالیٰ وہ جنون و خفقان زائل ہو جائے گا

خاصیت حرف طاء مہملہ حرز الامان مین ہی کہ جو شخص کہ چاہے مجمع اعدا مین سے
بسلامت و عافیت باہر آوے کہ کوئی ضرر و آسیب اوسکو نہ پہونچے چاہیکہ اپنے ہر ایک
ناخون پر اس حرف کو ایک بار لکھے اور اس اثنا مین دس مرتبہ بعدد مفصل اسکے بھی اسکو
زبان پر جاری کرے ایک سانس مین پھر قدم اپنا اوس مجمع اعدا سے باہر نکالے تو بعون اللہ
تعالیٰ بسلامت و عافیت باہر آئے گا کہ کوئی اوسکو نہ دیکھیگا و اگر دیکھیگا تو متعرض نہو گا اور
کوئی مکروہ اوسکو نہ پہونچے گا اور مشارق الانوار مین ہی کہ ط طیار ہی جمیع عالم مین اور سر
اس حرف کا سیار ہی علویات و سفلیات مین اور یہ حرف آخر اسم لوط مین ظاہر ہوا
اور ایک سر اسرار حرف ط سے ہلاکت قوم ہی جسطرح سے کہ حرف ھ اول اسم ھود مین
ظاہر ہوا کہ خسف ارض و ہلاکت قوم ہود ایک سر ہی اسرار حرف ھ سے اور یہ دونون
حرف ملکی نام جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا ظاہر ہوا کلام اللہ مین
طٰہٰ اور طٰہٰ بلغۃ بنی طی نام محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہی **خاصیت حرف
ظاء معجمہ** بعض اہل خاصیت نے کہا ہی کہ یہ حرف اعمال مین واسطے ایجاد محنت و مشقت
و عقوبت کی ہی اور سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر کوئی کسی ظالم سے ڈرتا ہو تو ہر صبح کو بعدد
مجمل اسکے نو سو مرتبہ اور بوقت پیشین نو سو مرتبہ پڑھکے خانۂ دشمن کیطرف دم کرے
کہ جلدی وہ ظالم دفع ہو جائیگا و اگر نو سو مرتبہ لکھکر کسی مصروع پر باندھین تو جلدی
شفا پائیگا **خاصیت حرف عین مہملہ** سکاکی نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ اگر کسی
کو کوئی معشوق سرکش اطاعت نکرتا ہو اور اوس سے خفا اور اوسپر جفا کرتا ہو تو چاہیکہ

برائے تسخیر

اس حرف کو مشک و زعفران و گلاب سے نوسو مرتبہ لکھے اور اپنے پاس رکھے کہ وہ محبوب مطیع و فرمان بردار ہو جائیگا اور اگر ایک مقدار حلوا پر اسیقدر پڑھ کے محبوب کو کھلاوے تو وہ دوست دلی ہو جائیگا اور مطیع رہیگا اور کبھی مخالفت نکرے گا

برائے دفع دشمن

خاصیت حرف غین معجمہ سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر کوئی اس حرف کو ہر روز بعد عمل اسکے ہزار بار پڑھکر دشمن کی طرف دم کرے وہ دشمن جلدی نیست و نابود ہو جائیگا انشاء اللہ تعالی و اگر برگ حنظل پر ہزار مرتبہ لکھکر خانہ دشمن مین ڈالدین یا دفن کرین وہ دشمن گھر سے آوارہ ہو جائیگا اور بعض رسائل مین ہی کہ اگر کوئی ظالم کے پنجہ مین گرفتار ہو اور چاہے کہ وہ دشمن آوارہ ہو جاوے تو اس حرف کو مع موکل کے اسی مرتبہ جانب خانہ دشمن پڑھکر پھونکے کہ وہ دشمن چند روز مین تلف ہو جائے گا اور حرف مع موکل کے یہ ہی یا میکائیل بحق غین

برائے دفع دشمن

خاصیت حرف فا معجمہ حرز الامان مین ہی کہ اگر کوئی اس حرف کو بعد عمل اسکے اسی مرتبہ ہر روز اسی روز تک متصل بلا ناغہ پڑھے اور دشمن کیطرف دم کرے دشمن ضائع و نابود ہو جائے گا و اگر بنام کسی غائب کے نو ہزار بار نئے کپڑے پاک پر لکھکر آگ مین جلاوے پس اگر وہ غائب مغرب مین ہو اور عامل مشرق مین تو جلدی وہ غائب

برائے آمدن غائب

اپنے تئین عامل تک پہونچائیگا

برائے خواب بندی

خاصیت حرف قاف معجمہ سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر کوئی اس حرف کو دو ہزار سو مرتبہ کاغذ پر لکھکر زیر سنگ گران رکھے تو جسکے نام سے رکھی نیند اوسپر بند ہو جائیگی جبتک کہ کاغذ کو باہر نہ نکالے اور نوشتہ کو محو نکرے تب تک اوسکو نیند نہ آئے گی اور آرام نپائے گا اور مشارق الانوار مین ہے کہ حرف قاف باطن قلم ہی اور سر امر ہی اور مراد سر امر سے قدر ہی اور حرف اول قلم قاف ہی عالم مین بظاہر اور علم مین بباطن اور عدد قاف ایک سو اکاسی ہین پس جب اس سے عدد اسم اعظم یعنی ایک سو دس طرح کرین اکہتر باقی رہتے ہین کہ یہی مادہ اسم اعظم ہی اور ایک حرف ہی حروف اسم اعظم سے جیسا کہ سین ایک حرف ہی حروف ظاہر اسم اعظم سے اور جو کہ باطن

سبّوح کو جانے تو اوسنے اسم اعظم کو جانا اور بعض رسائل مین ہی کہ حرف قاف ایک حرف نورانی ناطق ہی اور مخصوص ہی یہ حرف ساتھ دس اسم کے کہ اول مین اون کے قاف ہی یعنے القیوم القادر القاہر القہار القدوس القدیم القریب القابض القائم القابل کہ انہین اسم اعظم ہی اور قاف کے سو عدد ہین کہ مربع و مخمس و معشر وغیرہ کے نقش مین بہر سکتے ہین بروقت اختیار کرنے وضع فلکی کے موافق اپنے مطلب کے کیونکہ اعداد منوط ہین باختیارات فلکیہ مثلاً اگر کوئی شخص خائف ہو کسی امر کے زوال سے یا اس سے کہ حاکم اوسکو معزول کرے پس مربع قاف کو طالع وقت سرطان یا جدی مین لکھے اور عود و عنبر بخور کرے اور اپنے پاس رکھے اور مربع قاف مین قوت و قیومیت و قدرت و تقدیس عن النقایص و قہر و قدم و دوام و اجابت و علم و احاطت و بقا ہی پس اگر کوئی امر یا کوئی حال جنس اسمائے قافیہ سے مقصود ہو مثلاً قہر اعدا پس توجہ کرنا چاہیے طرف معنی اسم یا قہار کے باطہارت صحیح ذہن تک کہ ہر روز سنّو مرتبہ پڑھا جاوے و بعد ہر سو مرتبہ کے اس ذکر کو پڑہین اَللّٰھُمَّ بِسِرِّ قَہْرِ اِسْمِکَ الْقَہَّارِ الَّذِیْ اَظْہَرْتَ بِہِ الْقَہْرَ فِیْ قُلُوْبِ اَعْدَآئِکَ اَنْ تَقْہَرَ اَعْدَآئَنَا بَاطِنًا وَّظَاہِرًا اور مربع قاف کو لکھکر اپنے پاس رکھے البتہ ایک تاثیر عجیب و غریب قہر اعدا مین ظاہر ہوگا یا مثلاً عقد لسان مخلوق منظور ہو پس باطہارت و باشرح مذکور بعد ہر سو مرتبہ کے اس ذکر کو پڑہین قَدِّسْنِی اللّٰھُمَّ بِاِسْمِکَ الْقُدُّوْسِ عَنْ عَلَآئِقِ الذَّمِّ وَاَعْقِدْ عَنِّیْ اَلْسِنَۃَ الْاَعْدَآءِ اور مربع قاف کو لکھکر اپنے پاس رکھے البتہ زبان دشمنون کی بند ہو جاویگی اور خواص مربع حرف قاف سے یہ ہی کہ حامل کو اوسکے سحر اثر نہین کرتا ہی اور جس گھر مین کہ وہ نقش ہو اوسمین جن نہین آسکتا ہی اور بخور حرف قاف کا عود و عنبر ہے اور لکھا ہی کہ ق کو جب بسط حرفی کیا قاف ہوا اعداد اوسکے ایک سو اکاسی ہین موافق عدد العلیم کے پس لفظ قاف و لفظ العلیم سے بطور استخراج کیا اس طرح ق ا ف ع ل ی م کہ ان حروف سے قافل و میعا و عقل نکلتا ہی اور ملاک اس حرف کا خاص عینائیل ہے کیونکہ عدد

برای دفع خوف معزولی

برای قہر اعدا

برای زبان بندی اعدا

برای دفع سحر و جن

قاف کے اور عینائیل کے یکسان ہین پس جو شخص کہ چاہے کہ اعمال حرف قاف کرے چاہیے
پہلے وضو کرے اور بخور جلاوے اور لباس سفید پہنے اور ترک کلام کرے اور رو بقبلہ رہے
اور دو رکعت نماز کی پڑہے پہلی رکعت مین بعد سورۂ حمد کے سورۂ قل ہو اللہ احد پڑہے
اور رکعت ثانی مین بعد الحمد کے آیات قافیہ پڑہے کہ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا
فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ قُلِ اللَّهُ
خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ وَأَنْتَ الْقَائِمُ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ اور لکھنے مین مربع
قاف کے تین دن قبل سے طہارت دل کی کرے یعنی دل کو بجز اوس امر کے دوسرے امر کیطرف
مشغول نکرے اور طہارت جسم کی بھی کرے یعنی کسی ذی روح کو نکھاے مثل گوشت و بیضہ و
مرغ اور چیز حرام کے اور طہارت لباس و مکان کی بھی کرے اور اس وفق کو وفق قہر و غلبہ کہتے
ہین کیونکہ اس وفق سے دشمن مقہور ہو جاتا ہی اور یہ اعدا پر غالب آتا ہی و اگر لکھنے مین
رعایت ساعات خاصہ کی بھی کرے مثل ساعت مشتری و زہرہ و شمس کے تو خوب تر ہوگا
خاصیت حرف کاف مہملہ سکاکی نے اپنی کتاب مین لکھا ہی کہ اگر اس حرف کو
بعد مجذور اسکے چارسو مرتبہ مربع مین لکھا اور اپنے پاس رکھے تو چشم خلایق مین عزیز و
مکرم ہو جائے گا انشاء اللہ جو کہ اس حرف کو ہر روز چارسو مرتبہ زبان پر جاری کرے اسرار
الوہیت اوسپر منکشف ہو جائین گے **خاصیت حرف لام** مہملہ حرز الامان مین ہے
کہ اگر کوئی اس حرف کو بعد مفصل اسکے اکہتر مرتبہ سفرجل پر پڑہین اور اکہتر مرتبہ بنے
قلم فولاد سے کہ نوک اوسکی تیز ہو اوسکے پوست پر لکھین اور زن و شوہر کو کھلا دین تو
انشاء اللہ تعالی درمیان اون دونون کی محبت و الفت پیدا ہوگی اور ایک دوسرے سے
ایسے مانوس ہو جائین گے کہ کبھی بغیر دوسرے کے بے ہم نرہ سکین **خاصیت حرف**
میم مہملہ حرز الامان مین ہے کہ طبیعت میم کی حارہ ہی اور وسط مین اوسکے ایک [illegible]
درمیان دو حرارتون کے وہ حرف ی ہی درمیان دو میم کے اور [illegible]

کہ عبارت لوح محفوظ سے ہی جب حق تعالی نے اس حرف کو پیدا کیا ایک نور مستدیر پیدا کیا کہ
پوشیدہ تھا ساتھ نور کے اور اوپر اسکے نوے فرشتے ملائکہ لوح محفوظ سے بعدد مفصل اسکے
موکل کیے اور ملک و ملکوت کو ساتھ سر اس حرف کے قایم کیا اور میم ملفوظ دو میم ہین اور ایک
ی ما بین المیمین ہی پس میم اول واسطے محبوب کے ہی اور میم دوم واسطے محب کے اور ی اور میمین
حب ہی درمیان محب و محبوب کے کہ لفظ حب اور حرف ی کے عدد یکسان ہین آمدہ کتب خواص
مین مذکور ہی کہ جو حرف میم کو چالیس مرتبہ ایک جام پر لکھے اور آب پاک سے محو کر کے
پیے تو حقتعالے علم و فہم اوسکا زیادہ کریگا اور حکمت کو اوسکی زبان پر جاری کرے گا اور
جو کہ حرف میم کو لکھے اور اوسکے ساتھ اسی مرتبہ لا اله الا الله کتابت کرے اور اپنے بازو
پر باندھے یا اپنے عمامہ مین یا جامہ مین سی سکے اپنے پاس رکھے تو حق تعالی محبت و مہابت
اوسکی لوگون کے دلون مین ڈالدیگا اگرچہ گمنام و مجہول ہو **خاصیت حرف**
نون معجمہ حرز الامان مین ہی کہ جو شخص کہ اس حرف کو اکیس مرتبہ نئے نعل پر گھوڑے
کے لکھے کسی کے نام سے اور آگ مین ڈالے وہ شخص واسطے عامل کے بیطاقت و بے آرام
ہو جائیگا اور جو کہ اس حرف کو بعدد مجمل اسکے پچاس مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھے تو جو جانور
موذی کہ اوسکو کاٹے اسکو درد نہو اور اگر بعدد مفصل اسکے ایک سو چھ بار اس حرف کو لکھے
اسطرح ن اوپر تیغ یا کارد فولاد کے دستہ تک کسی کے نام سے اور جو دیوار کہ روبقبلہ ہو
اوس مین گاڑ دے پس جب تک کہ وہ تیغ یا کارد اوس دیوار مین رہے نیند اوسکی بند
ہو جائیگی اور نہ آئیگی **خاصیت حرف واو مہملہ** سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر کسی کو
داعیہ سفر ہو اور سفر کرنا ممکن نہوتا ہو تو ہر صبح کو ساٹھ بار پڑھے اور اوس جانب کو
پھونکے کہ جدھر کا سفر مقصود ہو تو موانع اوسکے مرتفع ہو جائینگے اور سفر کرنا ممکن ہوگا
خاصیت حرف ہا مہملہ حرز الامان مین ہی کہ یہ حرف جمیع حروف نورانیہ مین سے
ہی کہ اول سورہای قرانی مین دو مقام پر ظاہر ہوا ایک کہیعص مین دوسرے

طہ مین اور نزدیک بعض ارباب تحقیق کے اسم اعظم عبارت اسی حرف سے ہی اور گویا بحقیقت اسم اللہ یہی حرف ہی اور الف لام واسطے تعریف سکے ہی اور باصطلاح صوفیہ حرف ھا عبارت ہی مرتبہ ہوتیہ سے یعنی ذات سے مجرد از ملاحظۂ اسماء و صفات اور یہ مرتبہ فوق مرتبہ الوہیت ہی کما قال سبحانہ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اور شیخ نجم الدین نے اپنے بعض رسائل مین لکھا ہی کہ جو ذکر کہ جاری ہی ہمیشہ نفوس حیوانات پر کہ انفاس ضروریہ اونکے ہین اوس سے حرف ھا پیدا ہوتا ہی بغیر توسط کسی آلہ کی آلات مخارج حروف سے اور لکھا ہی کہ حرف ھا واسطے قہر اعدا و زجر ظلمہ و فسقہ کے اثر عظیم رکھتا ہی کہ عدد مجمل اسکے پانچ ہین متعلق مریخ سے ہے جو شخص کہ بعدد مبسوط اسکے یعنی ھ اال ف اکیسو سترہ بار سیاہی یا زنگار سے صفحہ سرب پر نقش کرے جسوقت کہ قمر منحوس ہو و اگر اوسوقت نظرات نحس بہی ہون تو بہتر ہی بعدہ اوس صفحہ سرب کو کسی ظالم یا فاسق کے گہر مین ڈال دیوے وہ شخص جلدی آوارۂ دیار ہو جائیگا اور گہر اوسکا خراب ہو جائیگا انشاء اللہ تعالی اور کتاب سکاکی مین ہی کہ اگر بہ نیت ہلاکت دشمن ستر مرتبہ اس حرف کو خاک گورستان قدیم پر پڑھکر خانۂ دشمن مین ڈالدین گہر اوسکا ویران ہو جائیگا انشاء اللہ تعالی

برای بربادی خانۂ دشمن

برای ویرانی خانۂ دشمن

خاصیت حرف یای معجمہ

کتب اہل خاصیت مین ہی کہ اگر کوئی حرف ی کو بعدد مجمل اسکے دس مرتبہ لکھے بنام کسی شخص کے اور زیر خاک دفن کرے تو نیند اوسکی بند ہو جائیگی اور نہ آئے گی اور سکاکی نے لکھا ہی کہ اگر کوئی اس حرف کو بعدد مجذور اسکے بنام کسی شخص کے سو مرتبہ پڑھے زبان اوسکی غیبت و تہمت و بہتان حامل سے بند ہو جائیگی و اگر سو مرتبہ حریر سفید پر لکھکر اپنے پاس رکھے تو زبان کل خلائق کی اوسکی بدگوئی سے بند ہو جائے گی اور یہ شخص بدگوئی خلائق سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ تعالی

برای خوابـبندی

برای زبان بندی بدگویان

فصل چھٹی اعمال حروف مین

واضح ہو کہ کتب فن مین علمای علم حروف نے لکھا ہی کہ خداوند عالم نے اٹھائیس حروف
اپنے خزانۂ غیب سے عالم سفلی مین بھیجے واسطے انتفاع مخلوقات کے پس واسطے ہر حرف
کے ایک اسم ہی اسمای باری تعالی مین سے اور ایک عدد ہی اور ایک ترجمہ ہی اور ایک
فلک ہی اور ایک ملک ہی اور ایک برج ہی اور ایک کوکب ہی اور ایک خادم ہی اور ایک
نتیجہ ہی اور ایک منزل ہی منازل قمر مین سے اور ایک طبیعت ہی طبائع اربعہ مین سے
اور ایک اقلیم ہی اقالیم سبعہ مین سے اور ایک جہت ہی جہات ستہ مین سے اور ایک خاصیت
ہی خواص مین سے اور ایک اثر ہی آثار مین سے اور بعضے حروف فرد ہین بعض زوج اور
بعض نورانیہ بعضے ظلمانیہ اور بعضے سریعہ بعضے بطیہ اور بعضے مع البطون بعضے بغیر بطون
اور نتائج ان حروف کے اس مرتبہ پر ہین کہ واصف وشارح اوسکے وصف وشرح سے
عاجز وقاصر ہے اور کل امور وجمیع اعمال مثل کشایش رزق وتحصیل مال ومحبت والفت
وتسخیر جن وتسخیر ملائکہ وتسخیر کواکب سیارہ وتفرقہ بین الجمعین ومواصلت بین المفارقین
ومقہوری اعدا وشفای مریض ودفع اوجاع وطیب عیش وہزم جیش ودفع خطر و
کف مطر وفتح حصار وغالب کرنا مغلوب کا ومغلوب کرنا غالب کا واتصال مطلوب بطالب
وعقد لسان وعقد نوم وعقد قضیب وعقد سموم کہ یہ سب امور متعلق علم حروف سے
ہین پس جس شخص کو کہ وقوف علم حروف مین ہو ان امور مذکور مین قدم رکھنا چاہیے
اور جسکو اس علم مین معرفت خوب حاصل ہو تو جس امر کو کہ جزویات وکلیات مین سے
چاہے گا وہ امر باذن اللہ تعالی ممکن ومیسر ہو جائے گا مثلاً جو شخص کہ علم حروف کو جانتا
ہو وہ اگر کوئی عمل کرنا چاہے تو دیکھے کہ مقصود ومطلوب اوسکا کیا ہی اور حرف اوسکا کون
ہی اور اسم اعظم اوس حرف کا کون ہی اور ملک اوسکا کون ہی اور جن اوسکا کون ہے
اور برج اوسکا کون ہی اور کوکب اوسکا کون ہی اور منزل اوسکی منازل قمر مین سے کون
ہی اور نتیجہ اوسکا کیا ہی اور بخور اوسکا کیا ہی اور طبیعت اوسکی کیا ہی پس ان چیزون کو

معلوم کرکے عزیمت باندھے اور عزیمت کے پڑھنے مین مشغول ہوجاوے اور کسی سے کلام
نکرے سواے اوس محرم کے کہ جو غذاے حلال لاوے اور خانۂ پاک مین پڑھے اور خود
بھی پاک ہو اور ہر مرتبہ ہر حرف کے پڑھنے مین بخور اوسکا جلاوے اگر کل حرفون کی
عزیمت پڑھنا چاہے تو اٹھائیس شب تک پڑھے اور اگر ایک حرف کا پڑھنا مقصود ہو شاید
مقصود و مطلب حرف الف سے ہی پس دیکھین کہ اسم اعظم الف کا اللہ ہی اور ترجمہ اوسکا
یہ ہے کہ خداے تعالی سزاوار پرستش ہی اور عدد اوسکے چھیاسٹھ ہین اور ملک اوس کا
اسرافیل ہی اور جن اوسکا قدیوش ہی اور برج اوسکا حمل ہی اور کوکب اوسکا زحل ہی
اور منزل اوسکی شرطین ہی اور نتیجہ اوسکا محبت ہی اور بخور اوسکا عود ہی اور طبیعت
اوسکی حار ہی پس عزیمت الف کی مطابق اعداد اسم اعظم اللہ کے کہ چھیاسٹھ ہین
پڑھے اور کسی سے کلام نکرے اور پاک و پاکیزہ رہے اور بخور جلاتا رہے اور عزیمت
یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ بِحُرْمَتِ اَلِفِ اِلٰهِيَّتِكَ اَسْئَلُكَ
بِحَقِّ اَسْمَائِكَ وَصِفَاتِكَ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَاتِي يَا اَيُّهَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُوَكَّلَةُ عَلٰى هٰذِهِ
الْحُرُوْفَاتِ التَّامَّاتِ الطَّاهِرَاتِ اَعِيْنُوْنِيْ وَانْصُرُوْنِيْ عَلٰى حُصُوْلِ مُرَادِيْ بِحَقِّ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَقْسَمْتُ يَا اِسْرَافِيْلُ چار بار بِحَقِّ اَسْمَآءِ الْعِظَامِ اَنْ تَقْضِيَ حَاجَاتِيْ
يَا اَيُّهَا الْجِنُّ بِحَقِّ سَيِّدِ اَمِيْرِكُمُ الْعِظَامِ قَدْيُوْش اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا
اَنْ يَقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ فَسُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ
یہ عمل اوس وقت کرے کہ جب کوکب الف یعنی زحل اپنے برج مین ہو یعنی جدی
یا دلو مین اور قمر منزل شرطین مین ہو پس تصویر اوس شخص کی لکھکر دیوار شرقی
پہ چسپان کرے اور ایک کیل باریک نعل اسپ   درمیان الف گاڑ دے اور
بخور جلاتا جاے اور عزیمت پڑھتا جاے پس جب عزیمت تمام ہو جاے گی تو اوس
شخص کی آنکھون مین درد چشم ہوگا کہ کسیکو نہ دیکھ سکے گا پس جب خلاص کرنا اوسکا

عمل بغض و تفریق

اس ورد سے منظور ہو تو چاہیے اوس کیل کو حرف الف سے نکال لیوے اور تصویر کو
دیوار شرقی سے جدا کرے کہ باذن اللہ تعالی خلاص ہو جائے گا اور اگر عمل بغض
تفریقات کرنا منظور ہو پس چاہیے کہ صورت اوسکی دیوار شرقی پر چسپان کرے
اور جو حرف کہ مطلوب ہو یعنی جس حرف کا نتیجہ بغض و تفریق ہو اوس حرف کی عزیمت
پڑہی اور اوسوقت مین یہ عمل کرے کہ جب کوکب اوس حرف کا اپنے برج مین ہو اور قمر اوس منزل
مین ہو کہ جو منزل اوس حرف سے منسوب ہی اور ایک کیل نعل اسپ کی اوس تصویر
پر جڑ دے اور موافق اعداد اسم اعظم اوس حرف مطلوب کے عزیمت اوس حرف
کی پڑھے اور بخور جلاتا رہے کہ باذن اللہ تعالی بیشک مطلب آئے گا اور وہ
ہم چاہتے ہین کہ محبت احمد کی دل مین محمد کے پیدا ہو پس طبیعت عشق آتشی
ہے حروف آتشی اعظم فشذ کو بسط کیا اس طرح ال ف ھا طا
م ی م ف ا شی ی ن ذال اور ساعت مشتری مین یہ عمل کیا
تو مشتری کو بسط کیا اس طرح م ی م ش ی ن ت ا را ی ا
اور عمل دن کو کیا تو لفظ نہار کو بسط کیا اس طرح ن و ن ھا ال ف
را اور بعد زوال آفتاب روز جمعہ کو ساعت پنجم بو سلیک ہے کہ قاعدہ موسیقی
ہے تو بو سلیک کو بسط کیا اسطرح ب ا وا و س ی ن ل ا م ی ا
ک اف اور مالک روز جمعہ زہرہ ہے حروف اوسکے فصقر ہین اسکو بسط
کیا اس طرح ف ا ص اد ق اف را پھر حروف محبت محمد کو بسط کیا
اس طرح م ی م ح ا ب ا ت ا م ی م ح ا م ی م دا ل
اور حروف طرف کہ قلب احمد ہو بسط کیا اس طرح ق اف ل ا م ب ا
ال ف ح ا م ی م دال پس اب ان سب حرفون کو جمع کیا اس طرح
ال ف ھا طا م ی م ف ا شی ی ن ذال م ی م ش ی ن ت
را ی ا ن و ن ھا ال ف را ب ا وا و س ی ن ل ا م ی ا ک ا
ف ا ص ا د ق اف را م ی م ح ا ب ا ت ا م ی م ح ا م ی م دا
ق اف ل ا م ب ا ال ف ح ا م ی م دال پس ان سب حرفون
ملخص کیا اور حروف مکررات گرا دیے اس طرح ال ف ھ ط م ی ش ن ذ

ر و ب س ک ص د ق ح بیس حروف ہین تکسیر اسکی کیا دس سطر دن ہین ہ

ب	ک	و	ش	س	ن	ر	ہ	ز	ل	ب
ک	و	ش	س	ن	ر	ہ	ز	ل	ب	ک
ن	ے	ر	ق	ص	د	ذ	ح	ث	ت	ن
و	ش	س	ن	ر	ہ	ز	ل	ب	ک	و
ہ	ز	ل	ب	ک	و	ش	س	ن	ر	ہ
ے	ر	ق	ص	د	ذ	ح	ث	ت	ن	ے
ص	د	ذ	ح	ث	ت	ن	ے	ر	ق	ص
ش	س	ن	ر	ہ	ز	ل	ب	ک	و	ش
ن	ر	ہ	ز	ل	ب	ک	و	ش	س	ن
ز	ل	ب	ک	و	ش	س	ن	ر	ہ	ز
ث	ت	ن	ے	ر	ق	ص	د	ذ	ح	ث
ر	ق	ص	د	ذ	ح	ث	ت	ن	ے	ر
ذ	ح	ث	ت	ن	ے	ر	ق	ص	د	ذ
د	ذ	ح	ث	ت	ن	ے	ر	ق	ص	د
ح	ث	ت	ن	ے	ر	ق	ص	د	ذ	ح
س	ن	ر	ہ	ز	ل	ب	ک	و	ش	س
ق	ص	د	ذ	ح	ث	ت	ن	ے	ر	ق
ر	ہ	ز	ل	ب	ک	و	ش	س	ن	ر
ت	ن	ے	ر	ق	ص	د	ذ	ح	ث	ت
ل	ب	ک	و	ش	س	ن	ر	ہ	ز	ل

سطر اول سطر یازدہم مین مکرر آئی بس سطر یازدہم کو چھوڑ کے حروف صدر ہر سطر کے یہ
لہ دس ہین ا ح ذ ط د ن ک ش ھ ل موخرات سطور کے بھی دس حرف لیے ح ذ ط
د ن ک ش ھ ل ا بس ان دونون کو امتزاج کیا اس طرح ح ا ذ ح ط ذ د ط ن د ک س
ن ش ک ھ ش ل ھ ا ل حروف مکررات گرائے اس سطر کو ملخص کیا اس طرح

ح ا ذ ط د ن ک س ش ھ ل یہ دس حرف ہین پس چونکہ یہ حروف زوج ہین تو چار چار حرفون کی ترکیب سے کے آخرمین کلمہ ئیل ملادیا کہ اسمای ملائکہ پیدا ہون گے اسطرح حاذطائیل دنکشائیل ھلائیل کہ یہ اسمای ملائکہ ہین و اگر اسمای اعوان نکالنا منظور ہو تو سطر ملخص مذکور کو پھر صدر و موخر کرین اس طرح ل ح ھ ا ش ذ ک ط ن د چونکہ یہ حروف بھی زوج ہین تو چار چار حرفون کی ترکیب سے کے آخرمین کلمہ ہوش ملادیا کہ اعوان ملائکہ پیدا ہون گے اس طرح لحھاھوش شذکطھوش ندھوش کہ یہ اسمای اعوان ہین اور اسمای اعوان کو بغیر الحاق کلمہ ہوش کے بھی رکھ سکتے ہین لیکن کلمہ ہوش کے رکھنا اور پڑھنا بہتر ہے قاعدہ نوسوان واضح ہو کہ جناب سید حسین اخلاطی نے اپنی رسالہ مین استخراج اسمای ملائکہ بسط عزیزی سے کیا ہے اور بسط عزیزی کے معنی یہ ہین کہ حروف آتشی طالب ہین حروف ہوائی کے ہمدرجہ اور حروف آبی طالب ہین حروف خاکی کے ہمدرجہ اور وہ حرف یہ ہین

قاعدہ نوسوان

خاکی مطلوب	آبی طالب	بادی مطلوب	آتشی طالب
دحلعرخغ	جزکس قثظ	بوین صتض	اھطم فشذ

یعنی الف طالب ب کا ہے اور جیم طالب دال کا اسی طرح ھ طالب واو کا ہے اور ز طالب ح کا و علی ہذا القیاس پس اگر کوئی عمل کرنا منظور ہو اوسکو بسط عزیزی کرین مثلاً تسخیر قلوب کرنا منظور ہے پس مدعا کو حروف مفردہ کرکے لکھا مثلاً جلب القلوب ج ل ب ا ل ق ل و ب اسکو بسط عزیزی کیا د ک ا ب ک ر ک ھ ا یعنی جیم کے بدلے دال اور لام کے بدلے کاف اور بے کے بدلے الف اور الف کے بدلے بے لکھے و علی ہذا القیاس چونکہ یہ حرف طاق ہین تو پانچ پانچ حرف کی ترکیب سے کرلفظ ئیل آخرمین ملادیا تو دکابکائیل رکھائیل ہوا کہ یہ دونام ملائکہ جلب القلوب کے ہین اور جب ان نو حرفون کو ایک مرتبہ تکسیر صدر و موخر کیا تو یہ ہوا ا د ھ ک ا ر ب ک ک

یہ حروف بھی طاق ہین تو پانچ پانچ حرفون کی ترکیب دیکر کلمہ ہوش آخر مین ملا دیا
ادھگھوش اربگھوش ہوا یہ نام اعوان ملائکہ جالب القلوب ہین قاعدہ

قاعدہ گیارہوان

گیارہوان جناب سید حسین اخلاطی نے اپنے رسالہ مین استخراج اسماء ملائکہ بسط ترفع عددی سے بھی کیا ہے اور بسط ترفع عددی اوسے کہینگے کہ حروف آحاد کو درجہ عشرات پہ لاوین اور حروف عشرات کو درجہ مآت پہ اور حروف مآت کو درجہ الوف پر پس مثلاً ہم چاہتے ہین کہ محمد صاحب رفعت و عزت ہوجائین تو ہمنے لکھا محمد ذوالرفعہ والعزة ان حرفون کو صدا جدا لکھا م ح م د ذ و ا ل ر ف ع ہ و ا ل ع ز ہ جب ان حرفون کو بسط ترفع عددی کیا یہ ہوا ت ت ت مہ غ غ غ غ غ س ی ش غ غ ص ذ ن س ی ش ف ع ن ملخصات حروف مذکورہ یہ ہین ت ف م غ س ی ش ص ذ ن ع یہ گیارہ حرف ہین طاق ہین تو پانچ پانچ حرفون کو ملا کے ئیل ملحق کردیا تفمغسائیل یشضدنائیل عائیل ہوا کہ یہ ملائکہ عمل بسط ترفع ہین

قاعدہ بارہوان

قاعدہ بارہوان استخراج اسماء ملائکہ بسط ترفع حرفی سے بھی ہوتا ہے اور بسط ترفع حرفی اوسے کہینگے کہ حروف ابجدی مین سے ہر ایک حرف کو حرف مابعد سے اپنے بدلین مثلاً الف کے عوض مین ب اور ب کے عوض مین ج اور ج کے عوض مین د لکھین اب مثلاً ہمکو اپنے واسطے عمل رفعت کرنا مقصود ہی تو ہمنے لکھا ابوالحسن ذوالرفعہ اسکا ترفع حرفی کیا ب ج ز ب م ط ع س ص ز ب م ش ص ف و ملخصات حروف یہ ہین ب ج ز م ط ع س ص ش ص ف و بارہ حرف ہین جفت ہین چار چار حرفونکو ملا کے ئیل ملحق کردیا بجزمائیل طعسضائیل شصفوائیل ہوا یہ تین اسم ملائکہ اس عمل کے ہین قاعدہ تیرہوان

قاعدہ تیرہوان

جناب سید حسین صاحب اخلاطی نے اپنے رسالہ مین بسط تمازج سے بھی استخراج اسم موکل کیا ہی اور بسط تمازج اوسے کہینگے کہ اسم مطلوب کو اپنے اسم کے ساتھ مزج کرے اسطرح سے کہ دیکھے مطلوب و مقصود کیا ہی اور وہ مطلب کس اسم الٰہی مین پایا جاتا ہی مثلاً اگر علم مطلوب ہو تو اسم علیم و اگر مال مقصود ہو تو اسم غنی لیوے اور اپنے نام کے ساتھ مزج کرے اور حرف اسم مطلوب کو مقدم کرے و اگر

[illegible] حروف کم ہون تو اسم اقل کے حروف کو مکرر کرے تا آنکہ مساوی ہون مثلاً محمد
طالب علیم مطلوب ہی تو محمد اور علیم کو ممزوج کیا ع م ل ح ی م م د پس اسکی تکسیر کی چوتھی
سطر مین زمام پہر آئی صورت تکسیر یہ ہے
پس سطر زمام چہوڑ کے سطر سوم سطر آخر ہوئی پس
سطر آخر تکسیر مین چار چار حرف کی ترکیب دیکے کلمہ ئیل
الحاق کیا حدیحائیل لممائیل ہوا کہ یہ دو ملک

ع	م	ل	ح	ی	م	م	د
د	ع	م	م	م	ل	ی	ح
ح	د	ی	ع	ل	م	م	م
م	ح	م	د	م	ی	ل	ع

اس عمل کے ہین پہر اول و آخر سطر اول و اول و آخر سطر سوم کے حرف لیکر لفظ طمیش ملا دیا
عدحمطیش ہوا کہ یہ اسم خلیفہ ہوا اور خلیفہ سید اعوان ہے پہر چارون سطرونکی صدر و موخرات و ثانے
اور کلمہ ہوش ملا دیا عاحمعوش دحمعھوش ہوا کہ یہ اسماے اعوان اس عمل کے ہین
قاعدہ چودھوان واضح ہو کہ استخراج اسمای ملائکہ بسط تجامع سی بھی کرتے ہین اسی بسط تجامع سے ملائکہ
نکلینگے کہ حروف طالب کو حروف مطلوب کے ساتھ جمع کرکے دونون حرفونکی اعداد استنطاق حروف کرین مثلاً
طالب ابو الحسن مطلوب رفعت پس لکہا ہمنے ابو الحسن و الرفعہ پس الف ابو الحسن کو الف و الرفعہ کے ساتھ جمع کیا
۰۲ ہوے حرف بنایا ا ذ ہوا پہر ب اور ر کے عدد ملا کے آٹھ ہوا اوسکے ح ہوے پہر او اور الف کے عدد ملاے ہوے
اوسکے ز ہوے پہر الف اور لام کے عدد ۳۱ ہوا اوسکا الف و لام ہوا پہر ل اور ر کے عدد ۲۳۰ ہوا اوسکا ل و ر
ہوا پہر ح و ف کے عدد ۸۸ ہوا اوسکے ح و ف ہوے پہر س و ع کے عدد ۱۳۰ ہوے اوسکا ل ق ہوا پہر ن و ہ کے
عدد ۵۵ ہوا اوسکے ھ ن ہوا اب ان حروف مستخرجہ کو جمع کیا یہ ہوا ا ذ ح ز ا ل ل ر ح ف ل ق ھ ن
چودہ حرف ہین جفت ہین جب چار چار حرفونکی ترکیب دی اذحزائیل اللرائیل حفلقائیل ھنائیل یہ ملائکہ ہوے کہ اس
عمل کے پیدا ہوے قاعدہ پندرھوان استخراج اسماے ملائکہ بسط تقوی سی بھی ہوتا ہی بسط تقوی کی
تین قسمین ہین ایک ضرب عدد ظاہر حروف در ظاہر حروف دوسرے ضرب باطن در باطن تیسری ضرب باطن حروف در ظاہر
حروف اور مراد ضرب ظاہر در ظاہر سے یہ ہی کہ دیکہین حرف کس جگہ دائرہ ابجدی سے لینے کو تہا حرف ہی اوس حرف کو اوسکے
درجہ مین ضرب دینا چاہیے مثلاً الف پہلی مرتبہ مین ہے دال چوتھی مرتبہ مین ہے کاف گیارہوین مرتبہ مین ہے نون

قاعدہ چودھوین

قاعدہ پندرھوین

چودھوین مرتبہ مین ہی پس مثلاً بسط التقوی ابوالحسن ہوا کہ الف کا عدد ایک ہے اور ابجد مین پہلی مرتبہ پر ہے تو ایک کو ایک مین ضرب دیا ایکہی ہوا استنطاق کیا الف ہوا اور با کے عدد دو ہین اور دوسرا حرف ابجد کا ہی دو کو دو مین ضرب دیا چار ہوے استنطاق کیا دال ہوا اور واو کے چھ عدد ہین اور چھٹا حرف ابجد کا ہی چھ کو چھ مین ضرب دیا چھتیس ہوے استنطاق کیا و ل ہوا پھر الف ہے الف ہے استنطاق ہوا لام کے تیس عدد ہین اور بارہوان حرف ابجد کا ہی تیس کو بارہ مین ضرب دیا تین سو ساٹھ ہوے استنطاق کیا س ش ہوا اور ح کے عدد آٹھ ہین اور آٹھوان حرف ابجد کا ہی آٹھ کو آٹھ مین ضرب دیا چونسٹھ ہوے استنطاق کیا د س ہوا اور س کے عدد ساٹھ ہین اور پندرہوان حرف ہے ابجد کا تو ساٹھ کو پندرہ مین ضرب دیا نو سو پندرہ ہوے استنطاق کیا ہ ی ظ ہوا اور ن کے عدد پچاس ہین اور چودھوان حرف ابجد کا ہی پچاس کو چودہ مین ضرب دیا سات سو ہوے استنطاق کیا ذ ہوا اب ان حروف کو جمع کیا ا د و ل اس ش د س ہ ی ظ ذ ملخصات حروف یہ ہین ا د ل س ش ہ ی ظ ذ دس حرف ہین جفت ہین چار چار حرفونکی ترکیب کیے ئیل ملا دیا ادلائیل سشھیائیل ظذائیل ہوا کہ یہ نام ملائکہ پیدا ہوے دوسری قسم بسط التقوی کی ضرب باطن در باطن ہے مثلاً علی کا موکل اس بسط سے استخراج کرنا چاہتے ہین پس عین کے عدد ستر ہین فی نفسہ ضرب دیا یعنی ستر کو ستر مین ضرب دیا ۴۹۰۰ ہوے استنطاق کیا ظ غ غ غ غ ہوا پھر لام علی کے تیس عدد ہین تیس مین ضرب دیا ۹۰۰ ہوے استنطاق کیا ظ ہوا پھر ی کے دس عدد ہین دس مین ضرب دیا ۱۰۰ ہوے استنطاق کیا ق ہوا مجموع حروف یہ ہوے ظ غ غ غ غ ظ ق مکررات کو گرا کے ملخص کیا ظ غ ق ہوا آخر مین ئیل ملا دیا ظغقائیل ہوا تیسری قسم بسط التقوی کے ضرب باطن در ظاہر ہی یعنی عدد حروف ابجدی کو عدد مرتبہ مین ضرب دین مثلاً اسم ودود کا موکل ضرب باطن در ظاہر سے استخراج کرنا چاہتے ہین پس واو کے چھ عدد ہین اور چھٹا حرف ہی ابجد کا پس چھ کو چھ مین ضرب دیا چھتیس ہوے استنطاق کیا د ل ہوا اور دال کے چار عدد ہین اور چوتھا حرف ابجد کا ہی پس چار کو چار مین ضرب دیا سولہ ہوے استنطاق کیا و ی ہوا اور دوسری واو و دال کا بطریق مذکور استنطاق کیا د ل و ی ہوا مجموع یہ ہوا د ل و ی د ل و ی ملخصات حروف یہ ہوے د ل و ی آخر مین ئیل ملا دیا دلویائیل ہوا

قاعدہ سولھوان

استخراج اسما ملائکہ بسط تکسیر سے بھی کرتے ہین اور بسط تکسیر عبارت ہی حروف حاصل کرنیسے کسو نسخہ سے مثلاً

قسم دوم بسط التقوی

قسم سوم بسط التقوی

قاعدہ سولھوان

اسم سمیع کو بسط تکسیر کیا اسطرح کہ سین کے ساٹھ ہین ساٹھ کا نصف تیس ہے تو حرف اسکا ل ہوا اور ثلثا وسکا بیس
ہین اسکا ی ہوا اور ربع اوسکا پندرہ ہین اسکا ہ ی ہوا اور سدس اوسکا دس ہین حرف اسکا ی ہوا اسیطرح سیم
سمیع کی کسوات سے حروف بنائے کہ میم کی چالیس عدد ہین اسکا نصف بیس ہے تو حرف اسکا ک ہوا اور کسوات میم
سے ربع ہے ربع اوسکا دس ہین حرف اسکا ی ہوا اور کسوات میم سے ثمن ہے وہ پانچ ہین حرف اسکا ہ ہوا اسیطرح
یای سمیع کی عدد دس ہین کسوات یا سے نصف ہے وہ پانچ ہین حرف اوسکا ہ ہوا اور کسوات یا سے خمس ہے وہ دو ہین حرف
اوسکا ب ہوا اسیطرح عین سمیع کی عدد ستر ہین کسوات عین سے نصف ہے وہ پینتیس ہین حرف اسکا ہ ل ہوا اور
کسوات عین سے خمس ہے وہ چودہ ہین حرف اسکا د ی ہوا اور کسوات عین سے سبع ہے وہ دس ہین حرف اس کا
ی ہوا پس مجموع حروف مستحصلہ یہ ہوے ل ی ہ ی ی ک ی ہ ہ ب ہ ل د ی ی مکررات گرا کے ملفات
حروف یہ ہین ل ی ہ ک ب د چھ حرف ہین ہفت ہین آخر مین ئیل ملا دیا لیہکبدائیل ہوا قاعدہ
سترھوان استخراج موکلات بسط تضاعف سے بھی کرتے ہین یعنی اعداد حروف کو مضاعف کر کے چند
کر کے استنطاق کرنا مثلاً صمد صاد کے نوے ہین مضاعف کیا ایکسو اسی ہوا استنطاق کیا ق ف ہوا
میم کے چالیس ہین مضاعف کیا اسی ہوے استنطاق کیا ف ہوا دال کے چار ہین مضاعف کیا آٹھ ہوے
استنطاق کیا ح ہوا جمیع حروف مستحصلہ یہ ہوے ف ق ف ح غیر مکرر یہ ہین ف ق ح پس آخر مین ئیل یا ایا
فقحائیل ہوا پس یہ سب طریقے استخراج اسمای موکلات ہین اور سوا ان قاعدون کے اور بھی قاعدے
ہین کہ بسبب خوف تطویل کے ترک کیے گئے پس ان کل اعمال مین بطریق خاص استخراج موکل و
اعوان قسم و اسم اعظم وغیرہ کر کے اور ایک عزیمت بنا کے پڑھتے ہین اور رجوع رجال مناسب ہو جاتی ہین باذن اللہ
تعالی وہ مطلب حاصل ہوتا ہے اور وہ مراد بر آتی ہے علمای جفر نے کتب جفریہ مین یہ کل اعمال لکھے ہین کہ
یہ رسالہ مختصر ان اعمال کے لکھنے کی گنجایش نہین رکھتا غرض بیان یہ فقط یہی تھی کہ طریقے
استخراج اسمای موکلات کے معلوم ہون چنانچہ وہ طریقے سترہ قاعدون مین لکھدیئے گئے
واللہ اعلم بالصواب الیہ المرجع والمآب تمام ہوا یہ رسالہ بفضلہ تعالی
والحمد للہ العلی الاعلی

زائچہ وقت ولادت باسعادت حضرت یوسف علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام

تاریخ روضۃ الصفا مین لکھا ہی کہ ارباب نجوم کہتے ہین کہ طالع ولادت باسعادت حضرت یوسف علی نبینا وآلہ وعلیہ السلام کا برج سرطان تھا کہ برج آبی ہی اور آفتاب عالمتاب صاحب خانہ دوم برج طالع مین تھا کہ دلیل آب وتاب چہرہ انور کی پڑی اور دبیر فلک عطارد خانہ دوم برج اسد مین تھا اور زحل وقمر خانہ نہم برج حوت مین تھے اور قران السعدین یعنے قران زہرہ ومشتری خانہ دوازدہم برج جوزا مین تھا اور مریخ خانہ یازدہم برج ثور برج وبال مین تھا پس یہ وضع فلکی نہایت حسن وجمال ونہایت کمال کی پڑی کہ وہ حضرت حسن وملاحت مین بے نظیر وبے عدیل تھے اور ملک سیرتی کے علاوہ خوبصورتی مین یکتای روزگار اور وحید الدہر وفرید العصر ہوے کہ حسن وجمال اون کا عالم مین ضرب المثل ہوگیا

اور زائچہ وقت ولادت آن حضرت کا یہ ہے



پس عطارد صاحب خانہ سوم کہ خانہ برادران ہے اور صاحب خانہ دوازدہم کہ خانہ اعدا ہے برج اسد مین ساقط از طالع و صاحب طالع ہے دلیل عداوت اخوان کی ٹہری کہ بھائیون نے اون حضرت کو بکمال عداوت تکلیف و ایذا پہونچائی اور کنوے مین ڈال دیا اور قران زہرہ و مشتری بارہوین خانہ مین دلیل قید ہو جانے کی ٹہری کہ وہ حضرت چودہ برس تک محبس مین مشغول بذکر خدا رہے اور سلطان الکواکب شمس کا طالع مین ہونا باتصال تسدیسی صاحب دہم یعنے مریخ دلیل سلطنت کی ٹہری کہ وہ حضرت پھر مصر مین بادشاہ ہوے و علی ہذا القیاس اور سب حالات اون حضرت کے اس زائچہ سے مستنبط ہو سکتے ہین واللہ اعلم بالصواب

تمت

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ کہ نسخہ کتاب جواہر الحروف جو علم جفر مین عمدہ کتاب ہے ماہ رجب المرجب سنہ ۱۳۰۸ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چھپکر طیار ہو گیا اور حق تالیف اس کا محفوظ ہے کوئی صاحب بغیر اجازت تحریری راقم کے قصد طبع نفرماوین بعوض نفع نقصان نہ اوٹھاوین البتہ جسقدر نسخے مطلوب ہون بارسال قیمت طلب فرماوین اور جس کتاب پر مہر راقم یا ازرہ علیبخش کی نہو بدل مسروقہ سمجھین و راہ سلی خریداری سے پرہیز کرین قیمت فیجلد ۲؍

تصحیح اغلاط صفحہ ۷۰ سطر ۶ مین بجاے وانت القائم علی کل نفس کے وہو القاہر فوق عبادہ پڑھنا چاہیے ۲

بعید	آن	آنہا - آنان	وہ	وے

مثلاً فریب دشمن مخور - و غرور مداح مخر - کہ آن دام زرق نہادہ
است و این کام طمع کشادہ - آنہا و آنہا ذوی العقول و غیر
ذوی العقول دونون کے واسطے مستعمل ہیں لیکن آنان و اینان
اکثر ذوی العقول کیواسطے آتی ہیں۔ این کبھی ہم کے ساتھہ بدلجاتا
ہی جیسے این سال سے امسال اس قسم کے صرف تین لفظ پائیجاتے ہیں
امشب امسال امروز۔ چنان اشارہ بعید و چنین اشارۂ قریب
کے واسطے بھی مستعمل ہی جیسے چنان نماند و چنین نیز ہم نخواہد ماند
چنان - چنین یہان اسماء اشارہ ہین لیکن جب چنان و چنین کے
بعد کاف لاوینگے تو تشبیہ کے معنی پیدا ہو جاوینگے جیسے بہ تیشہ کس
نخراشد ز روی خارہ گل - چنانکہ بانگ درشت تو میخراشد دل -
ہمچنان ہمچنین ہمچو بھی چنین کے معنی مین کبھی مستعمل
ہوتے ہین جیسے لذت دشنام او دل میبرد از کف سلیم + ہمچو
شیرینی ندیدم کو تلخی جان برد + ہمچنان کبھی ہنوز کے معنی مین بھی
آتا ہی لیکن کم جیسے ہمچنان طفل مرا جیم اگر پیر شدیم + این و آن

جب چنان و چنین کے ساتھہ لاحق ہوتے ہین اسوقت مانند کے
معنے پیدا ہوجاتے ہین یا زاید ہوجاتے ہین جیسے بنگر سپند وجگر
تا روشنت شود — دل آنچنان و سینہ سوزانم این چنین — یہان چنین
بمعنی مثل کے ہین ہمان و ہمین بہی اشارہ کیواسطے مستعمل ہین
لیکن کسی چیز کے خاص کرنے کیواسطے جیسے ہمین بس است ہمان
کار خواہم کرد - اسم اشارہ کے ساتھہ ضمیر بہی لاسکتے ہین جیسے آنان غائب
حاضر متکلم
آن آنم آنیم اسم اشارہ بعید و ضمیر واحد غائب مین یہہ فرق ہے
کہ ضمیر راجع ہوتی ہے کسی اسم مذکورہ کیطرف اور بجاے اسم کے
لائیجاتی ہے اور اپنے مرجع کے ساتھہ جمع نہین ہوسکتی اور اسم اشارہ
با شارہ جسمی اپنے مشار الیہ کو بتلاتا ہے اور مشار الیہ کے ساتھہ جمع
ہوسکتا ہے —

چہارم اسماء موصول

اسم موصول وہ اسم ہے کہ جبتک ایک جملہ جو اوس اسم کو بیان کرتا ہو
نہ ذکر کیا جاوے ہرگز مبتدا یا خبر یا فاعل یا مفعول یا مضاف الیہ کسی
دوسرے جملہ کا نہین ہوسکتا ہے اوس جملہ کو صلہ کہتے ہین فارسی

مین درمیان صلہ و موصول کے کاف صلہ ضرور آتا ہی جیسے اینکہ
دیروز بسواریم بود امروز پیادہ ورزند دیروز بسواریم بود جملہ صلہ ہے

اسماء موصولہ برای غیر ذی روح	اسماء موصولہ برای ذی روح
آنچہ ہرچہ ہرآنچہ	آنانکہ ہرآنکہ ہرکہ آنکہ آنکہ

اردو مین اسم موصول جو جن جیسے جو لڑکا کل غیر حاضر تھا آیا ہے وغیرہ
جو جن حالت مفعولیت اور اضافت وغیرہ مین جس جنہون بدلجاتا ہی

پنجم جو اسم اضافت سی خاص ہو جاتا ہی

جب علم یا ضمیر یا اسم اشارہ یا اسم موصول کیطرف کوئی اسم نکرہ مضاف ہوگا تو خاص ہو جائیگا جیسے اسپ بکر باغ من کتاب آن شخص کتاب مردیکہ پیش من بود گم شد

ششم منادی

جسکو آواز دیکر بلاوین یا اپنا اسکو مخاطب کرین حروف ندا یہ ہین اے یا الف دو اول کے اسم کے اول اور الف اسم کے آخر آتا ہی جیسے اے زید یا خدا خدایا ندبہ بھی داخل منادی سے ہے الفاظ ندبہ اے آہ واہ وا ویلا صد افسوس غم

وا لصیبا وا حسرتا حیف درد ا دریغا ہای
واہ ری ہای رے ارے وامصیبتا اردو مین
حرف منادی اے اوجی ابے ارے وغیرہ ہین
جیسے او عورت اے آدمی

اسماء مشتقات چار ہین

اسم فاعل اسم مفعول اسم حالیہ یا صفت مشبہ اسم حاصل مصدر انکو بہی مصدر سے بناتے ہین اور اسم مشتق کہتے ہین نقشہ ذیل بغور پڑہو اور یاد کرلو—

اسماء مشتقات	تعریف	علامت اردو	علامت فارسی	واحد	جمع	کیفیت
اسم مفعول	جو لفظ مفعول کی ذات کو بتلا دے	[illegible]	ہ [illegible] بر ماضی مطلق	[illegible]	[illegible]	.

کیفیت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تعریف	[illegible]
.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	جو لفظ فاعل کی ذات کو بتلاوے	اسم فاعل
.	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	جو لفظ فاعل یا مفعول کی حالت کو بتلاوے	اسم حالیہ
. [illegible]	.	[illegible]	[illegible]	.	جو لفظ کیفیت معنی مصدری پر دلالت کرے	اسم حاصل مصدر [1]

[1] مصدر اور حاصل مصدر مین فرق ہی مصدر مین حدوث کے معنی پائے جاتے ہین اور حاصل مصدر ایک لفظ ہی جس سے معنی مصدری پیدا ہوتے ہین پوری پوری شرح حاصل مصدر کی

بیان استعمال افعال اردو و شناخت مذکر و مونث

جن افعال کیساتھ نے علامت فاعل ہو وہ افعال موافق فاعل کے استعمال ہونگی جیسے زید آیا اور جن افعال کے ساتھ علامت فاعل مذکور ہے اور مفعول کی علامت مذکور نہین ہے وہ افعال مفعول کے موافق پڑھے جاوینگی جیسے زید نے کتاب لکھی اگر علامت مفعول مذکور ہوگی تو فعل کو ہمیشہ واحد مذکر استعمال کرینگے جیسے زید نے عمر کو مارا یا مردون نے عورتونکو مارا یا عورتون نے مردونکو مارا جب کئی اسم مذکر و مونث ایک فعل کے تابع ہون تو فعل کو آخر اسم کے موافق پڑھینگے جیسے مرد عورت لڑکے لڑکی آئی - فارسی مین مذکر و مونث کا استعمال یکسان ہو لیکن اردو مین **مذکر و مونث** کا امتیاز ہے لہذا چند قواعد اسکی شناخت کے لکھے جاتے ہین باعتبار جنس کے اسم کی دو قسم ہو **مذکر و مونث** جس جاندار کے مقابل جاندار مادہ ہو اسکو مذکر حقیقی کہینگے جیسے مرد عورت وغیرہ جس اسم کے آخر **الف** یا **ہ** ہوز ہو وہ اکثر مذکر ہوگا جیسے لڑکا - بندہ پردہ وغیرہ اور جو کلمہ **مفاعلة** کے وزن پر آویگا وہی اکثر مونث ہوگا جیسے مزاحمت مدادمت وغیرہ جس ہندی اسم کے **آخر ی** معروف

ہوگی وہ بھی اکثر مونث ہونگے جیسے بکری روٹی وغیرہ مگر پانی ہاتھی موتی دہی گھی جی وغیرہ اس قاعدہ سے مستثنی ہین جو اسم تفعیل کے وزن پر ہونگے وہ بھی اکثر مونث ہونگے جیسے تحریر تقریر وغیرہ مگر تعویز اس قاعدہ سے مستثنی ہے فارسی کا حاصل مصدر بھی اکثر مونث ہوتا ہے جیسے خواہش نوشت خواند و گفتار وغیرہ جس مصدر کے آخر الف ہو وہ بھی اکثر مونث ہوگا جیسے دعا تمنا جفا سزا و فا وغیرہ جس اسم کے آخر ت یا ٹ ہندی ہو وہ بھی اکثر مونث ہوتا ہے جیسے مروت بناوٹ وغیرہ مگر شربت حضرت اس قاعدہ سے مستثنی ہے جو اسم جامد جاندار تذکیر و تانیث مین مشترک ہین انکا مونث و مذکر فارسی مین نر و مادہ کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے جیسے شیر نر گاؤ مادہ وغیرہ —

وحدت و جمعیت اسما

ایک کو واحد اور ایک سے زیادہ کو جمع کہتے ہین فارسی مین اسما ذی روح کی جمع آن اور غیر ذی روح کی ہا سے کرتے ہین کبھی برعکس بھی جمع ہو جاتی ہے جیسے زن ہا اسپ ہا درختان چشمان اور کبھی اسما عربی و فارسی کو ات سے جمع کر لیتے ہین جیسے مکانات

موجودات دیوارات اگر اسم کے آخر ہ ہوز ہوگی تو ج سے بدل دینگے جیسے ناجات قلعجات وغیرہ اور اگر الف یا واو آخر مین ہوگا تو یان سے جمع کرینگے جیسے آشنایان بدخویان اگر آخر مین ہ مختفی ہو تو گ سے بدل دینگے جیسے بچہ سے بچگان

اسم حاصل مصدر

اوس اسم مشتق کو کہتے ہین جو کیفیت معنی مصدری کو تبلاوے یہہ کئی طرح سے بنا کرتا ہی کبھی امر حاضر کے آخر بعد دینے کسرہ کے ش لگا دیتے ہین جیسے دان سے دانش کبھی لفظ ار ماضی مطلق کے آخر زیادہ کر دیتے ہین جیسے گفت سے گفتار کبھی اسم مفعول کے ہای آخر کو گاف سے بدلکر یاے معروف زاید کر دیتے ہین جیسے خواندہ سے خواندگی کبھی اسم اور صیغہ امر بھی ملکر فائدہ حاصل مصدر کا دیتا ہی جیسے قدم بوس کبھی صیغہ واحد غائب بھی فعل ماضی مطلق کا فائدہ دیتا ہی جیسے گفت عالم بجان و دل بشنو کبھی دو صیغہ ماضی مطلق مختلف المعنی بھی حاصل مصدر کا فائدہ دیتے ہین جیسے نوشت و خواند کبھی امر کے آخر اک

زیادہ کر دیتے ہین جیسے خور سے خوراک کبھی ماضی مطلق صیغہ واحد غائب
و امر حاضر ملکر حاصل مصدر ہو جاتا ہے جیسے گفتگو جستجو کبھی امر حاضر
کے آخر آئی زیادہ کر دینے سے حاصل مصدر بنجاتا ہے جیسے دان سے دانائی جیسے
بینائی اردو مین مصدر کی علامت نا دور کرنے سے حاصل مصدر
نبتا ہے جیسے لوٹنا سے لوٹ مارنا سے مار حروف ذیل بھی امر حاضر کے
آخر داخل ہوکر معنی مصدر کیا فائدہ دیتے ہین ت تی ہٹ
وٹ ن ہی جیسے بچت بھرتی آہٹ بناوٹ چلن کہلائی

اسم فاعل

اسم فاعل دو قسم پر ہے اسم فاعل قیاسی - اسم فاعل
سماعی -

اسم فاعل قیاسی

جسکے بنانے مین قیاس کو دخل ہو وہ امر حاضر کے آخر بعد دینے کسرہ کے
واحد کیواسطے حرف ندہ اور جمع کیواسطے حرف ندگان لگا دیتے
ہین جیسے گو سے گوینده اکثر اسم جامد کے آخر امر حاضر زیادہ کرنے
سے اسم فاعل ترکیبی بنجاتا ہے جیسے جہان سوز دستگیر -

واضح رہے کہ امر حاضر کے اول اسم جامد داخل ہونے سے
پانچ معنی پیدا ہوتے ہین

معنی مفعولی	پائیمال یعنی مالیدۂ پا	[illegible]
معنی فاعلی	جہان سوز یعنی سوزندۂ جہان	[illegible]
معنی ظرفی	قطزن یعنی جائے قط زدن	[illegible]
معنی آلہ	جاروب یعنی آلہ جای روفتن	[illegible]
معنی مصدری	گوشمال یعنی مالیدن گوش	[illegible]

اسم فاعل سماعی

جسکا استعمال سماع پر موقوف ہو اکثر اوقات امر حاضر کے آخر الف
زیادہ کردیتے ہین جیسے دانا اور کبھی گار رگا دیتے ہین جیسے
امرز سے آمرزگار اور الفاظ ذیل بھی اسم کے آخر داخل ہوکر اکثر
معنی فاعلی پیدا کرتے ہین گر مند گار ور ناک بان

آر سار بار بندہ وار گین ی معروف جیسے
آہنگر - ہوشمند پرہیزگا - ہنرور غمناک - مہربان خریدار شرمسار
ہوشیار - شرمندہ - امیدوار - شرمگین - لشکری

بیان نحو

علم نحو وہ علم ہی کہ جسکے سیکھنے سی ترکیب کلام اور باہمی مناسبت کی
شناخت پر پوری قدرت ہو جاوے -

مفاعیل پانچ ہین

مفعول بہ - مفعول لہ مفعول فیہ مکان و زمان
مفعول مطلق مفعول معہ انہین کو مفاعیل خمسہ
بہی کہتے ہین جسپر فاعل کا فعل واقع ہوتا ہے اوسکو

---

١ ظرف زمان و مکان کی دو قسمین ہین محدود و مبہم محدود وہ ہی جسکے ابتدا
انتہا معین ہو جیسے روز خانہ شہر مدرسہ وغیرہ
مبہم وہ ہے جسکی ابتدا انتہا معین نہو جیسے شب روز پیش راست دچپ زیر
بالا وغیرہ ۱۲

مفعول بہ کہتے ہیں جیسے زید نے عمر کو مارا - خالد بکر را زد -
عمر اور بکر مفعول بہ ہیں را علامت مفعول بہ ہی اور اکثر ذوی العقول کے
ساتھ آتی ہی اور کو اردو میں مستعمل ہی واضح رہے کہ مفعول بہ صرف
فعل متعدی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے اور باقی مفاعیل افعال
لازم و متعدی دونونکے ساتھ اگر مفعول بہ غیر ذی روح ہی تو علامت
مفعول بہ را کو محذوف کر دینگے جیسے زید طعام خورد اور کبھی مفعول بہ
بعد کہ کے جملہ بھی واقع ہوا کرتا ہی جیسے زید را بگو کہ تحصیل علم نماید
جس لئے فعل کیا جاتا ہی اوسکو **مفعول لہ** کہتے ہین جیسے زید
سبق پڑہنے کیواسطے آیا - و خالد طفل را تا دیبا زد - سبق پڑہنے
کیواسطے - اور تادیبا مفعول لہ ہی جسکے اول برائے **جہت**
بنا بر سبب وغیرہ کے معنے مفہوم ہون وہ اکثر مفعول لہ
ہوتا ہے - اور جس جگہہ فعل کیا جاتا ہے اوسکو **مفعول فیہ**

---

۵ مفعول اور اسم مفعول مین فرق ہے اسم مفعول وہ اسم ہی جو بقاعدہ مقرر مصدر سے مشتق ہوا ہی اور مفعول کی ذات کو تبلاتا ہی اور مفعول سوا روا کو کہتے ہین ۱۲

مکان کہتے ہین جیسے تمہارے پاس آونگا - بخانہ میروم تمہارے پاس
وبخانہ مفعول فیہ مکان ہی - اور جسوقت مین فعل کیا جاتا ہی اوسکو **مفعول**
فیہ زمان کہتے ہین جیسے کل آونگا - فردا خواہم رفت - **کل فردا**
مفعول فیہ زمان ہی - اور جب کوئی حاصل مصدر فعل کے ہم معنی ذکر
کیا جاتا ہے اوسکو **مفعول** مطلق کہتے ہین جیسے زیدنے مار ماری
نشست زید نشستن علما - مارنشست علما مفعول مطلق ہے فارسی مین
مفعول مطلق کا استعمال کمتر ہے - کوئی اسم جب فاعل یا مفعول بہ
کے ساتھ فعل مین شریک ہوا اور بعد لفظ با کے جو معہ کے
معنے مین ہی مذکور ہو تو اوسکو مفعول معہ کہتے ہین جیسے پادشاہ
معہ لشکر آتا ہے یا پادشاہ نے زید کو معہ ہمراہیون کے بلایا ہی
من با برادر شما می آیم یا زید را با برادر او خواہم زد معہ لشکر و معہ ہمراہیون
و با برادر شما و برادر او مفعول معہ ہے - لفظ **کون یا کسنے کا**
جواب فاعل ہوتا ہی اور کسکو یا کسی کا جواب مفعول بہ اور **کیون**
یا کسواسطے کا جواب مفعول لہ **کہان یا کس جگہہ کا**

ف جس اسم پر در یا بای موجود داخل ہو اور ظرفیت اسکے معنی پیدا کرے وہ مفعول فیہ ہوتا ہے

جواب مفعول فیہ مکان اور **کب یا کسوقت** کا جواب مفعول فیہ زمان اور **کسکے ساتھ** کا جواب مفعول معہ ہی[۱] جس کلمہ کا شک و شبہہ دور کیا جاتا ہی اوسکو **ممیز** اور جو کلمہ شک و شبہہ کو دور کرتا ہی اوسکو **تمیز** کہتے ہین جیسے پانچ کتاب اور دس روپیہ پانچ اور دس ممیز ہے کتاب اور روپیہ تمیز یا یون کہو کہ پانچ و دس عدد اور کتاب اور روپیہ معدود ہی عدد گنتی کو کہتے ہین اور جس چیز کو گنتی ہین اوسکو معدود کہتے ہین یہہ اکثر اعداد یا اوزان یا پیمانہ وغیرہ مین پایا جاتا ہی اور اسی قسم کی ترکیب کو مرکب تعدادی بھی کہتے ہین جب کئی اسم کسی ایک ذات کے مصداق ہون تو جس ذات کے مصداق ہین اوسکو **مبدل منہ** اور باقی کو **بدل**[۲] کہینگے جیسے زید کا بھائی عمر آتا ہی یا زید برادر عمر

[illegible]

۱ واضح رہے کہ اردو مین فصیح یہہ ہے کہ پہلے فاعل بعد اوسکے مفعول اور سب کے آخر فعل لاوین لیکن نظم مین یہہ ترتیب ملحوظ نہین رہتی ۱۲ ۲ بدل چار قسم پر ہے اول بدل کل جسمین بدل سے جو مراد ہے وہی مبدل منہ سے ہو جیسے زید برادر خالد آمد دوم بدل بعض جسمین مبدل منہ کی کسی چیز سے مراد ہو جیسے زید سرش را شکستم سر بدل البعض ہے سوم بدل اشتمال جسمین بدل مبدل منہ کا جزو ہو نہ کل جیسے زید جامہ او را کندم جامہ نہ زید کا کل ہے نہ جزو چہارم بدل غلط جس لفظ کو مبدل منہ غلط بولکر پھر درست کرے جیسے آمد زید غلام او المقصود

دوسرے اید زید کا بھائی — برادر عمرو بدل ہین اور عمرو و زید

مبدل منہ مخدوم مکرم معظم جناب مولوی عبد الرحمن خانصاحب

اس جملہ مین مخدوم مکرم معظم جناب مولوی خانصاحب

بدل ہین اور عبد الرحمن مبدل منہ ہے پس معلوم ہوا کہ جسقدر الفاظ

تعظیم یا تحقیر یا تمہید یا تفضیل یا القاب یا توصیف کی

غرض سے ذکر کئے جاوینگے وہ سب بدل ہونگے جس

چیز کو کسی جماعت سے علیحدہ کرتے ہین اوسکو **مستثنیٰ**

اور جس جماعت سے علیحدہ کرتے ہین

سلہ واضح رہے کہ مستثنیٰ دو قسم پر ہے مستثنیٰ متصل مستثنیٰ منقطع اگر مستثنیٰ و مستثنیٰ منہ دونون ایکہی جنس سے ہون تو مستثنیٰ متصل کہینگے جیسے سوائے زید کے سب ملازم حاضر ہین اگر مستثنیٰ غیر جنس ہے تو مستثنیٰ منقطع کہینگے جیسے گدھے کے سوا لوگ تو سب حاضر ہین مخفی نرہے کہ مگر کبھی معنے کیواسطے استعمال کیا جاتا ہے کبھی مستثنیٰ کیواسطے جیساکہ اوپر بتلا دیا گیا ہے اور کبھی معنے شاید جیسے مگر شد محو آن رعنا جوان دل کہ تو مند دیجون من نیان دل کبھی معنی تحقیق جیسے دلیکہ عاشق صابر بود مگر سنگ است + زعشق تا بصبوری ہزار فرسنگ است — کبھی بمعنے کاش جیسے نیز نکند نشستی پہلوے ہرگز + مگر تنگ تا مسٹو تو نیو از دا ستخوان مرا — یہ حروف اکثر مستثنیٰ کے اول داخل ہوتے ہین الا مگر سوائے خیر و بدا — ۱۴

اوسکو **مستثنی منہ** کہتے ہین جیسے تمام لشکر آیا الا بادشاہ یعنی تمام لشکر
آیا الا بادشاہ نہین آیا جب کئی اسم بذریعہ حرف عطف کے ایک حکم
مین ہوجاتے ہین تو پہلے اسم کو **معطوف علیہ** اور باقی اسمونکو
معطوف کہتے ہین جیسے زید و عمرو بکر و خالد آمدند اس جملہ مین
زید معطوف علیہ ہی اور عمر بکر خالد معطوف اور واو حرف عطف ہی
اور کبھی جملہ کا عطف جملہ پر ہوتا ہی جیسے زید آمد و عمر رفت جو کلمہ فاعل
یا مفعول کی حالت بیان کرتا ہی اوسکو **حال** اور جسکی حالت بیان
کیجاتی ہی اوسکو **ذوالحال** کہتے ہین جیسے زید خندان درگذشت
زید ذوالحال خندان حال ہی کبھی ایک ذوالحال کے کئی حال لاتے ہین
جیسے امروز دیدم کہ زید افتان و خیزان میرفت اور کبھی واو بھی
حال کا فائدہ دیتا ہی یعنی جو کلمہ یا جملہ بعد واو کے واقع ہوگا وہ
حال ہوگا جیسے دمید صبح و نشد قصۂ فراق تمام + یعنی صبح ہوگئی
اسحالکہ قصۂ فراق تمام نہوا تہا جو کلمہ کسی کلمہ کی تاکید کرتا ہی اوسکو
مؤکد کہتے ہین اور جس کلمہ کی تاکید کیجاتی ہی اوسکو **مؤکد** فایل
مخاطب کو تاکید سے امر موکد کا یقین دلاتا ہی تاکید دو قسم پر ہی ایک

تاکید لفظی اور ایک تاکید معنوی تاکید لفظی کیواسطے مکرر لفظ لاتے
ہین جیسے می برد می برد نگار نگارا ز کفم از کفم قرار قرار - تاکید معنوی
کیواسطے لفظ خودش یا ہردو یا ہمہ یا ہر آئینہ یا ہرگز
لاتے ہین جیسے زید خودش آمد عمرو بکر ہر دو رفتند یاران ہمہ خوش
ہستند ہر آئینہ یا ہرگز گرد ایکان مگر دیہہ حرف بہی فارسی مین تاکید کے
لیے آتی ہین کل جمیع ہمہ جملہ سایر اور اردو مین سب کے سب
غول کے غول غٹ کے غٹ جمگہٹ کے جمگہٹ سب الغاردن
لشکر کے لشکر جہنڈ کا جہنڈ دل کے دل جب کسی بات کو تجاہل سے
پوچہتے ہین تو اوسکو استفہام کہتے ہین وہ تین قسم پر ہی اقراری
جیسے دیروز بمحفل شما من نبودم کہ بود یعنی من بودم انکاری
جیسے اگر ظلم خواہید کرد بملک شما کہ خواہد ماند یعنی کسی نخواہد ماند-
استخباری جیسے شما چہ کار میکنید- اسماء استفہام یہہ ہین
آیا چہ کہ کیست چیست چرا کجا کے چون
چگونہ چند کو کدام اسماء استفہام جملہ مین فاعل مفعول
مبتدا خبر وغیرہ واقع ہوا کرتے ہین تحذیر مخاطب کو کسی چیز سے

ڈراتا ہی جسکو ڈراتے ہین اوسکو محذر اور جس چیز سے ڈراتے ہین اوسکو
محذر منہ کہتے ہین فارسی میں خوا مارد و محذر منہ کو اکثر مکرر بولتے ہین جیسے سانپ سانپ
یا مار مار یعنی پرہیز از مار یعنی بچ سانپ سے

بیان مرکبات

دو یا زیادہ کلمون سے جو لفظ بنتا ہی اوسکو **مرکب** کہتے ہین
مرکب کی دو قسم ہی **مرکب غیر مفید** یا مرکب ناقص **مرکب مفید** مرکب غیر
مفید کی تین قسمین ہین مرکب اضافی مرکب توصیفی مرکب امتزاجی جسمین مرکب
اضافی و توصیفی کا بیان پہلے ہو چکا ہی البتہ جب دو اسم ملکر کوئی
خاص معنے پیدا کرتے ہین تو ایسے مرکب کو مرکب **امتزاجی**
کہتے ہین وہ کبھی کسی چیز کا نام ہو جاتا ہے جیسے محمد آباد اور کبھی
کثرت کے معنے دیتا ہی جیسے کوہ کوہ کبھی حصر کا فائدہ دیتا ہی
جیسے تمام جہان کبھی صفت کی حالت پیدا کرتا ہی جیسے گل رخ
کبھی معنے اتصالی پیدا کرتا ہی جیسے لبالب راتون رات کچھ نہ کچھ
اور کبھی تمیز کا فائدہ دیتا ہی جیسے پانچ اشرفی چار تولہ شکر واضح
رہے کہ جس مرکب کے اجزا جدا جدا نہونگے تو اوسکو **مرکب**
امتزاجی کہینگے جیسے آفتاب۔ شمشیر بغداد یا دوازدہ سیزدہ

وغیرہ اگر اجزا جدا جدا ہونگے تو مرکب غیر امتزاجی کہینگے جیسے اکبر آباد جہانگیر وغیرہ —

بیان اضافت

اضافت مشہور تر دنل ہین ۱ تملیکی ۲ تخصیصی ۳ بیانی ۴ توضیحی ۵ ظرفی ۶ تشبیہی ۷ یا مجازی ۸ ابنی ۹ اقترانی ۱۰ یا دنی ملابست ۱۱ اضافت استعارہ

۱ اضافت تملیکی	ملک کو مالک کیطرف مضاف کرین جیسے سلطان روم باغ زید اضافت حقیقی و اضافت بمعنی لام یا برائے بہی اسیکو کہتے ہین —
۲ اضافت تخصیصی	جسمین مضاف الیہ کے سبب سے مضاف مین خصوصیت آجاسے جیسے روغن بادام در ختانار

توضیحی	جسمین مضاف الیہ مضاف کو واضح کردیوے جیسے شہر حیدر آباد بادِ شمال روزِ دوشنبہ
بیانی	جسمین مضاف مادۂ مضاف الیہ کا واقع ہو جیسے دیوارِ گل طشتِ نقرہ یعنی دیوار از گل وطشت از نقرہ اسیکو اضافت بمعنی من واز بہی کہتے ہین۔
تشبیہی یا مجازی	مشبہ بہ کو مشبہ کیطرف مضاف کرین جیسے چشمِ نرگس کلاہِ شگوفہ اطفالِ شاخ مشبہ بہ جسکے ساتھ مانند کرین مشبہ جسکو مانند کرین تشبیہ کیواسطے چار چیزین ضرور ہین مشبہ مشبہ بہ حرف تشبیہ وجہ تشبیہ جیسے چہرۂ یار چون قمر روشن چہرہ مشبہ

	قہر مشبہ بہ چون حرف تشبیہ روشن چہرہ تشبیہ حروف تشبیہ - چون - چو مثل مانند ہمچو پنداری گویا سان حروف تشبیہ اردو سا سے سی جیسے مرد شیر سا ہے عورت شیر سی ہے گھوڑے شیر سے ہین -
ظرفی	جسمین مظروف کو ظرف کیطرف مضاف کرین جیسے ریگ صحرا اضافت بمعنی فی و در بہی اسیکو کہتے ہین -
ابنی	بیٹے کے نام کو باپ کے نام کیطرف مضاف کرین جیسے سعد زنگی یعنی سعد ابن زنگی -
اضافت اقترانی	جسمین مضاف مضاف الیہ کے معنے سے تا

	اقتران معنوی رکھتا ہو جیسے نامۂ عنایت یعنی نامہ کہ مقرون عنایت ہی —
بادنیٰ ملابست	جسمین کسی اسم کو کسی چیز کے ساتھہ کچھہ بہی تعلق ہونے سے اپنے کو کل کیطرف منسوب کرنے لگتا ہی جیسے حیدرآبادِ ما یعنی متکلم حیدرآباد کے کسی ایک محلہ کا رہنیوالا ہی لیکن اوس تہوڑے سے تعلق کیوجہہ سے تمام حیدرآباد کو اپنی طرف منسوب کرتا ہی —
اضافت استعارہ	مشبہ بہ کی کسی لازم شے کو مشبہ کیطرف نسبت کرنا جیسے گوشِ ہوش اسمین ہوش کو آدمی کے ساتھہ تشبیہ دی اور سننے سمجھنے آدمی کیلئے گوش لازم ہی اوسکو مشبہ کی طرف کہ ہوش ہی اضافت کردی —

بیان جمل

پوری بات کو **جملہ یا کلام یا مرکب** تام کہتے ہین جیسے زیدنے خط لکھا یہ ایک پوری بات ہی جسکے سننے سے سامع کو معلوم ہوگیا کہ کہنے والا زید کے خط لکھنے کی خبر دیتا ہی جملہ **مسند اور مسندالیہ** سے پورا ہوتا ہی جسکو اسناد کرتے ہین اوسکو **مسند** اور جسکی طرف اسناد کیجاتی ہی اوسکو **مسندالیہ** کہتے ہین جیسے زید آیا آنیکی نسبت زید کی طرف ہی پس آیا مسند اور زید مسندالیہ ہے۔ جملہ کبھی **فعلیہ** ہوتا ہی اور کبھی **اسمیہ** جب مسند **فعل** ہوگا تو مسندالیہ کو فاعل کہینگے اور جملہ فعلیہ ہوگا جیسے زید آیا زید مسندالیہ یعنی فاعل اور آیا مسند یعنی فعل ہی یہہ کلام **جملہ فعلیہ** ہوا اور جب مسند اسم ہوگا تو مسندالیہ کو **مبتدا**[ل] اور مسند کو **خبر** کہینگے اور جملہ **اسمیہ** جیسے زید عالم است زید مسندالیہ یعنی مبتدا اور عالم مسند یعنی خبر است حرف رابط ہی زید نے خط لکھا **ترکیب** زید فاعل نے علامت فاعل خط مفعول بہ لکھا فعل ماضی مطلق صیغۂ واحد غائب فعل اپنے

ل جسکے بابت کی خبر دیجاتی ہی اوسکو مبتدا اور جو ماجرا بیان ہوتا ہی اوسکو خبر کہتے ہین ۱۲

اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فارسی مین دَر بَر اَز
تا با بائے موحدہ اندر را بمعنی برائے وغیرہ جیسے
خدارا بر من مسکین ببخشای اور اردو مین سے تک مین
پر اوپر حروف جار کہلاتے ہین اور جس اسم پر یہ حروف داخل ہوتے
ہین اوسکو مجرور کہتے ہین جار مجرور سے ملکر متعلق فعل۔ خبر ہوا کرتا ہے جیسے
زید را بر بام دیدم ترکیب زید مفعول بہ را علامت مفعول بہ بر
حرف جار بام مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق فعل یا مفعول فیہ مکان
ہوا دیدم فعل ماضی مطلق ضمیر واحد متکلم فاعل۔ فعل اپنے فاعل
اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ کل تمہارا چھوٹا
بھائی زید پڑھنے کے لئے ہمارے مکان پر آیا تھا۔ ترکیب کل مفعول فیہ

سلہ حرف جارہ اسم پر داخل ہوتے ہین اور فعل کے معنے کو اوس اسم کیطرف کھینچ لاتے ہین جیسے
داخل ہوتے ہین حروف جار یہی ہین برای بہر پی بمعنے برائے ان تینو نپر از زایدہ بھی داخل ہوا
کرتا ہے از برائے خدا۔ از بہر رسول۔ از پی مصطفے۔ چو۔ چون۔
ہمچو۔ جو تشبیہ کے معنے مین ہون جیسے چو ما یا چون ما ہمچو شیر ست است
یعنی او ہمچو شیر مست است او مبتدا۔ مست خبر۔ ہمچو شیر متعلق است
حرف ربط ہے ۱۲

زمان تمہارا مضاف الیہ چھوٹا صفت بھائی موصوف - موصوف صفت سے ملکر مضاف ہوا مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر بدل ہوا زید مبدل منہ - مبدل منہ اپنے بدل کے ساتھ ملکر فاعل ہوا پڑھنے کے لئے مفعول لہ - ہمارے مضاف الیہ مکان مضاف - مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مجرور ہوا تر حرف جار - جار مجرور سے ملکر متعلق فعل یا مفعول فیہ مکان ہوا فعل آیا تھا فعل ماضی بعید صیغۂ واحد غائب - فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں اور متعلق سے ملکر جملۂ فعلیہ خبریہ ہوا - کل تمہارے سیاہ گھوڑے کو زید نے پانچ سیر دودھ پلایا **ترکیب** کل مفعول فیہ زمان تمہارے مضاف الیہ سیاہ صفت گھوڑے موصوف - موصوف صفت سے ملکر مضاف ہوا مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مفعول بہ اول ہوا کو علامت مفعول بہ - زید فاعل نے علامت فاعل پانچ ممیز سیر دودھ تمیز ممیز تمیز سے ملکر مفعول بہ ثانی ہوا پلایا فعل ماضی مطلق صیغۂ واحد غائب فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعول سے ملکر جملۂ فعلیہ خبریہ ہوا - زید نے اپنے بھائی کو خوب مار ماری **ترکیب** زید فاعل نے

علامت فاعل آسپنے مضاف الیہ بھائی مضاف کو علامت مفعول بہ
مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مفعول بہ ہوا خوب صفت تار
موصوف - موصوف - صفت سے ملکر مفعول مطلق ہوا ماری فعل
ماضی مطلق صیغۂ واحد غائب فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول کے
ساتھ ملکر جملۂ فعلیہ خبریہ ہوا - بادشاہ مع اپنے لشکر کے حیدرآباد
جانیکا قصد رکھتا ہی **ترکیب** - بادشاہ فاعل مع اپنے لشکر کے
مفعول معہ - حیدرآباد مفعول فیہ مکان جانیکا مضاف الیہ قصد مضاف
مضاف مضاف الیہ سے اپنے ملکر مفعول بہ ہوا رکھتا ہی فعل حال صیغۂ واحد غائب
فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولونکے ساتھ ملکر جملۂ فعلیہ خبریہ ہوا
تمہاری کتاب طاق پر ہی **ترکیب** تمہاری مضاف الیہ کتاب
مضاف مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مبتدا طاق مجرور پر حرف
جار - جار مجرور سے ملکر متعلق خبر محذوف موجود خبر محذوف ہے حرف
رابط مبتدا اپنی خبر اور متعلق اور حرف رابط سے ملکر جملۂ اسمیہ خبریہ ہوا
اسے مدرسہ آگرہ کے طالب علموں اس مہینے کی پانچوین تاریخ کو
تقسیم انعام کا جلسہ یہی مکان مدرسہ مین قرار پایا ہی **ترکیب**

ایسے حرف ندا قایم مقام مین پکارتا ہون کے پکارتا ہون فعل با فاعل ہوکر
ائوہ مضاف الیہ کے علامت مضاف الیہ طالب علمون مضاف مضاف الیہ
اپنے مضاف کے ساتہہ ملکر منادی یعنی مفعول بہ ہوا فعل اپنے فاعل
اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا اس اسم اشارہ تہینے مشار الیہ
اسم اشارہ مشار الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا پانچوین ممیز تاریخ تمیز
ممیز تمیز سے ملکر مضاف ہوا مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر
مفعول فیہ زمان ہوا تقسیم مضاف انعام مضاف الیہ ملکر مضاف الیہ
ہوا جلسہ مضاف مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر فاعل ہوا
ایسے اسم اشارہ مکان مضاف مدرسہ مضاف الیہ ملکر مشار الیہ ہوا
اسم اشارہ مشار الیہ سے ملکر مجرور ہوا مین حرف جار جار مجرور سے
ملکر متعلق فعل ہوا - یا اسم اشارہ مشار الیہ سے ملکر مفعول فیہ مکان
ہوا - قرار پایا ہی فعل ماضی قریب صیغہ واحد غائب فعل اپنے فاعل
اور مفعول و متعلق یا دونون مفعول کے ساتہہ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا جواب

تقسیم جمل

منادی ہے ا

مرکب مفید یا کلام یا مرکب تام دو قسم پر ہے

جملۂ خبریہ ۔ جملۂ انشائیہ ۔ جملۂ خبریہ جسکے سامع کو معلوم
ہو جائے کہ کہنے والا کسی بات کی خبر دیتا ہی یا خود کچھ خواہش کہتا ہے
اسمین احتمال صدق و کذب کا رہتا ہی ۔ جملۂ خبریہ دو قسم پر
ہی جملۂ اسمیہ ۔ جملۂ فعلیہ ۔ جملۂ اسمیہ جسمین
مسند اور مسند الیہ دونوں اسم ہون جیسے زید عالم است زید مبتدا
عالم خبر است حرف ربط مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملۂ اسمیہ ہوا است
اند ۔ ای ۔ اید ۔ ام ۔ ایم ہست ۔ ہستند ہستی ہستید ۔ ہستم
ہستیم ۔ نیست ۔ نیستند ۔ نیستی نیستید نیستم ۔ نیستیم
حروف روابط ہین مصادر ناقص بودن شدن گردیدن گشتن
بمعنی ہونا کے افعال اسم و خبر کو چاہتے ہین اور جملۂ فعلیہ ہوا کرتے
ہین جیسے جہان در چشم من سیاہ گردید ۔ جہان اسم گردید فعل
ناقص کا در جار چشم مضاف من مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا
جار مجرور سے ملکر متعلق خبر ہوا اور سیاہ خبر فعل ناقص اپنے
اسم و خبر و متعلق سے ملکر جملۂ فعلیہ ہوا واضح رہے کہ جو فعل
لازم فاعل پر تمام ہو جاتا ہی یعنی اپنی صفت فاعل مین ثابت کردیتا

ہو اوسکو فعل تام کہتے ہین اور جو فعل اپنی صفت کو فاعل کی ذات سے بیتا
ہو نہین سکتا بلکہ دوسری لفظ کے ذکر کا محتاج رہتا ہے اوسکو فعل ناقص
کہتے ہین مبتدا اکثر معرفہ یا نکرہ مخصوصہ ہوتا ہی اور خبر سے مقدم آتا ہی
اور خبر اکثر نکرہ ہوتی ہی اور مبتدا سے موخر آتی ہی جب کبھی معرفہ
ونکرۂ مخصوصہ سے جملہ ہوگا تو معرفہ کو مبتدا کرینگے اور نکرۂ مخصوصہ کو
خبر جیسے جمعہ روز نیک است اگر دونون اسم معرفہ یا نکرۂ مخصوصہ
ہون تو اختیار ہی جسکو چاہو خبر کہو جیسے زال پدر رستم است
یہہ بھی بات یاد رکھنے کی ہی کہ مبتدا اکثر اسماء ذات ہوا کرتا ہی اور
خبر اسماء صفات لیکن کبھی مبتدا صفت بھی واقع ہوجاتا ہی جیسے
روندۂ بمعرفت مرغ پیر است اور کبھی بضرورت خبر کو بھی مقدم
لایا کرتے ہین جیسے از خیال زلف مشکینت پریشانیم ما — یعنی ما
از خیال زلف مشکین تو پریشان ہستیم ✤ خوش است عالم آزادگی
وخوش خوئی یعنی عالم آزادگی وخوشخوئی خوش است کبھی مبتدا کو
حذف بھی کردیا کرتے ہین جیسے بندۂ عشقم وازہر دو جہان آزادم
یعنی من بندۂ عشق ہستم کبھی خبر مقدر بھی ہوا کرتی ہی جیسے

توانگری بہ ہنر است وبزرگی بعقل است یعنی توانگری ثابت است بہ ہنر وبزرگی ثابت است بعقل اور کبھی ایک مبتدا کے لئے کئی خبر ہوا کرتی ہین جیسے ما ہمہ بیچارہ و سرگشتہ ایم اور کبھی خبر کو مکرر بھی لایا کرتے ہین جیسے آنکہ شیر ازا کندر و بہ مزاج + احتیاج است احتیاج است احتیاج اور کبھی خبر جملۂ اسمیہ واقع ہوا کرتی ہی جیسے مزرعہ عمر بہارش بخزان متصل است کبھی جملۂ فعلیہ بھی جیسے آنگل خو درود فایش عمر یک شب ہم نداشت + واضح رہے کہ جب فعل مجہول ہوگا تو مفعول کو نائب فاعل کہینگے اور جملہ فعلیہ ہوگا —

جملہ فعلیہ جسمین مسند الیہ اسم یعنی فاعل اور مسند فعل ہو جیسے زید آمد واضح رہے کہ مسند الیہ ہمیشہ اسم ہوا کرتا ہی لیکن مسند کبھی اسم اور کبھی فعل ہوتا ہی کبھی فعل کو حذف کر دیتے ہین جیسے شیطان با مخلصان در قول بر نیاید و سلطان با مفلسان یعنی بر نیاید کبھی فعل و فاعل دونون محذوف ہو جاتے ہین جیسے آری کہ جوابمین آیا زید می آید — کبھی فعل و فاعل دونون مقدر ہوتے ہین جیسے آب آب یعنی آب میخواہم — کبھی ایک فاعل کے کئی فعل لاتے ہین

جیسے حق جل و علا می بیند و می پوشد و ہمسایہ نمی بیند و میبخروشد
کبھی ایک فعل کے کئی فاعل لاتے ہین جیسے زید عمر- بکر- خالد آمد

جملہ انشائیہ جس سے کہنے والے کی کچھہ خواہش دریافت ہو
اسمین احتمال کذب و صدق کا نہین رہتا وہ آٹھہ حالت مین واقع ہوتا ہے

امر این سخنان را بگو **نہی** ہرگز ہرگز این کار مکن
ندا- اے طفل بخوان **استفہام** چہ میکنی
تمنا کاش زید بر اسپ سوار شدے **قسم** بخدا راست میگوید
عرض تشریف بیارید **تعجب** این طفل چہ خوش میخواند

جملہ باعتبار حالت کے آٹھہ قسم پر ہے- جملۂ **مستانفہ**
جملۂ معللہ- **جملۂ شرطیہ**- **جملۂ معترضہ**- **جملۂ بیانیہ**- **جملۂ قسمیہ**- **جملۂ نتیجیہ**- جملۂ **معطوفہ**-

جملۂ مستانفہ یا ابتدائیہ جو جملہ ابتدائی کلام مین واقع ہو جیسے خوش آمدی چشم براہ بودم خوش آمدی جملۂ مستانفہ ہے- بشنو از نے چون حکایت میکند- بشنو جملۂ مستانفہ ہے
جملۂ معللہ درحقیقت دو جملہ ہین اسمین سے ایک کو علت کہتے ہین دوسرے کو معلول

جیسے بہار دانش مخوا نید کہ حکایات فاحش دران است بہار دانش مخوانید جملۂ معلول ہی کہ حرف علت ہی اور حکایات فاحش در انست جملۂ علت ہی - وہ حروف جو جملۂ علت پر داخل ہوتے ہین -

کہ - چہ - زیرا کہ - زیرا چہ - چہ کہ - چرا کہ -

وہ حروف جو جملہ معلول پر داخل ہوتے ہین - ازین ممر - ازین سبب - بنا برین - لہذا - تا - واضح رہے کہ تا جملہ کے اول اور بقیہ سب حرف دو جملونکے درمیان واقع ہوتے ہین

جملۂ شرطیہ دو جملونسے پورا ہوتا ہی جبتک دونون جملہ ذکر نہین ہوتے ہرگز سامع کو کہنے والے کی بات پورے طور پر معلوم نہین ہوتی انتظار باقی رہتا ہی انمین سے ایک جملہ کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہین - جیسے اگر باپدر جنگ جوید کسی - پدر بیگمان خشم گیرد بسی اسمین مصرع اول شرط ہی اور مصرع ثانی جزا یہ حروف شرط ہین - گر - اگر - ار - جمل غیر یقینی پر داخل ہوتے ہین - ہرگاہ - ہرگہ - چون - چو - وقتیکہ - جمل یقینی پر داخل ہوتے ہین جیسے چون آفتاب

برآید روز روشن شود ؛ آفتاب کا نکلنا امر یقینی ہی کبھی جزا محذوف
بھی ہوتی ہی جیسے خدا کشتی آنجا کہ خواہد برد - اگر ناخدا جامہ برخود درد
مصرعہ ثانی مین ہیچ فایدہ نخواہد کرد - جزا محذوف ہی - چہ کم گردد کہ
سوی عاشق زار ؛ کنی از لطف ای بدخو نگاہی یعنی کہ اگر سوی عاشق
زار - از مرگ واز قیامت واز گور یاد کن - وقتیکہ بشنوی کہ فلان
درجہان نماند - مصرعہ اول جزای مقدم ہی اور مصرعہ ثانی شرط موخر
ہے - ور - وگر - ہرچند - اگرچہ - ارچہ - یہ بھی حروف
شرط ہین لیکن انکی جزا شرط کے موافق نہین آتی بلکہ خلاف شرط آیا
کرتی ہی مثالونکو دیکھو اور سمجھو گفت عالم بگوش جان بشنو ؛
ور نماند بگفتنش کردار مقتضای شرط سے ہونا چاہیے تھا
مشنو لیکن بشنو خلاف شرط ہوا برمن از دست تو ہرچند کہ بیداد
رود ؛ چون رخ خوب تو بینیم ہمہ از یاد رود مصرعہ اول شرط ہے
اور مصرعہ ثانی جملہ شرطیہ ہوکر جزا ہی - **جمل برای مشق** - اگر علم خوانی
دولت یابی - قاضی ار با ما نشیند برفشاند دست را ؛ محتسب
گر می خورد معذور دارد مست را - اگرچہ زید عالم است اما عمل نمیکند ؛

چون رسید آید مرا خبر کن

جملۂ معترضہ جو جملہ درمیان مسند اور مسندالیہ یا شرط و جزا
واقع ہو اور اوس جملہ سے کچھ علاقہ نرکھتا ہو جیسے زید خدا علم نصیب
کند بہ محنت و شوق میخواند یا اگر تم میرے پاس آوگے خدا کرے
کوئی مزاحمت پیش نہ آوے تو مین ضرور تمہارے ساتھ سکندرآ
چلونگا + خدا علم نصیب کند - خدا کرے کوئی مزاحمت پیش نہ آوے
دونون جملۂ معترضہ ہین پہلا درمیان مسند اور مسندالیہ اور دوسرا
درمیان شرط و جزا کے واقع ہی -

جملۂ بیانیہ - جو جملہ کسی اسم یا جملہ کو بیان کرتا ہی جس جملہ یا
اسم کو بیان کرتا ہی اوسکو **مُبَیِّن** (بیان کرنیوالا) کہتے ہین او
اور جو اسم یا جملہ بیان کیا جاتا ہی اوسکو **مُبَیَّن** یعنی بیان کیا
گیا) کہتے ہین جیسے حاتم کہ سخا مشہور است بمرد **ترکیب** حاتم
مبین - کہ بیان آور مبتدا محذوف **ب** جار سخا مجرور جار مجرور سے
ملکر متعلق خبر مشہور خبر **است** حرف ربط مبتدا اپنی خبر و متعلق
ملکر جملۂ اسمیہ ہوکر مبین ہوا مبین اپنے مبین کے ساتھ ملکر فا

ہوا نمرد فعل کا فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا - قارون ہلاک شد
کہ چہل خانہ گنج داشت + نوشیروان نمرد کہ نام نکو گذاشت ترکیب
قارون مبین کہ بیان چہل خانہ ممیز گنج تمیز ممیز تمیز سے ملکر مفعول
ہوا داشت فعل با فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ کے ساتھ ملکر
جملہ فعلیہ ہوکر مبین ہوا مبین اپنے مبین کے ساتھ ملکر اسم شد
فعل ناقص کا ہوا ہلاک خبر ہی فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر
جملہ فعلیہ ہوا - علی ہذا القیاس مصرعہ ثانی بھی نوشیروان نمرد جملہ
مبین ہی کہ بیان نام نکو گذاشت جملہ مبین ہی مبین اپنے مبین سے
ملکر جملہ بیانیہ ہوگا حروف بیان کہ - تا - یعنی - چنان -
چنین - چنانچہ - واضح رہے کہ کاف بیان دو قسم پر ہے
ایک تو ابہام کے بیان کے واسطے آتا ہی اور وہ - آن -
این - چنان - چنین - ہمان - ہمین - چندان
یا ی - موصول - شش - مضاف الیہ کے بعد واقع ہوتا ہی
چنانچہ امثلہ ذیل ملاحظہ کرو - اکنون از دوری تو برانم کہ از جان
بگذرم - چنان از زندگی تنگم کہ ہر دم مرگ را یاد میکنم ہمان بہ کہ

روے رقیب را نہ بینم چندان خواہم گریست کہ دل تسکین یابد۔ یار سے کہ موافق نباشد یاری رانشاید۔ وای بر حالش کہ دین را براے دنیا برباد دہد۔ دُوم بیان افعال کے لئے آتا ہے جیسے دانستہ کہ ہوا خواہ توام۔ آرزو دارم کہ پیش تو میرم میخواہم کہ گوشۂ اختیار کنم۔ سُوم واسطے بیان صفت کے آتا ہے جیسے دل کہ پر از وصف حیا میشود۔ آئینہ نور خدا میشود۔ جو کہ کجاست ونیست دگر است ونیست کے درمیان واقع ہوتا ہے وہ بہی اسی قبیل سے ہے جیسے جلوۂ حسن تو کجا است کہ نیست + جذبۂ عشق تو کراست کہ نیست اشعار ذیل کی ترکیب کرو نہ از بہر آن میستانم خراج۔ کہ زینت کنم برخود وتخت وتاج۔ ستانندۂ داد آنکس خد است کہ نتواند از پادشہ داد خواست۔ بریدند بروی ملامت کنان۔ کہ دیگر بدست نیاید چنان۔ واضح رہے کہ کبہی بغیر حرف بیان کے بہی جملۂ مبینہ لاتے ہیں جیسے محمود را دیدم او مردیست دانشمند وماہر علوم عربی وفارسی۔

جملۂ قسمیہ دو جملہ ہیں انمیں ایک کو جملۂ قسم اور دوسرے کو

جواب قسم کہتے ہین جیسے بخدا زید دزد است یعنی قسم خدا میخورم کہ زید دزد است **ترکیب** قسم مضاف خدا مضاف الیہ ملکر مفعول بہٖ ہوا میخورم فعل با فاعل - فعل اپنے فاعل و مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملۂ فعلیہ ہوکر قسم واقع ہوا کہ جواب قسم زید مبتدا دزد خبر است حرف ربط مبتدا اپنی خبر و حرف ربط سے ملکر جملۂ اسمیہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم اپنے جواب قسم سے ملکر جملۂ قسمیہ ہوا - بمرتضی کہ ازین ذوالفقار سے ترسیم - یعنی قسم مرتضی میخورم کہ ازین ذوالفقار میترسیم مسطورہ بالا کی مثل اسکی بھی ترکیب ہی -

جملۂ نتیجیہ جو کلام سابق کا نتیجہ واقع ہو جیسے ہر کہ بزیور علم آراستہ شد سعادت دارین بدست آورد پس علم حاصل کند یہ جملہ نتیجہ ہے

جملۂ معطوفہ وے جملے ہین کہ بذریعۂ حرف عطف کے لائے جاتے ہین او سمین سے جملۂ اول کو معطوف علیہ کہتے ہین اور جو جملہ بعد حرف عطف کے لائے جاتے ہین انکو جملہ معطوفہ کہتے ہین جیسے زید آمد و بکر رفت زید آمد جملۂ معطوف علیہ ہی اور بکر رفت جملۂ معطوفہ ہے حروف عطف یہ ہین **و ثم پس بلکہ**

پستر ہ الف ہم نیز یہ حروف کبھی مفردات کے
درمیان مین بہی آتے ہین ایسی صورت مین معطوف علیہ و معطوف
ملکر جملہ مین ایک کلمہ کا حکم رکہتے ہین یعنی جملے مین جونسا جز و معطوف
علیہ ہوگا وہی معطوف کبھی ہوگا مثلاً زید و عمرو و بکر آمد اسمین
زید و عمرو و بکر بہ سبب حرف عطف کی آمد کے فاعل ہین - یا -
ن - نفی بہی حرف عطف ہین جیسے آمد زید یا عمر نہ زید آمد نہ
عمر - و - جمع مطلق کیواسطے آتی ہی جیسے ہبر دازمن قرار و عافیت و
ہوش + بتے سنگین دلے سیمین بنا گوش + پس بہ
پستر جمع ترتیب کیواسطے آتے ہین جیسے زید آمد پس عمر
پس بکر پستر خالد آمد - ہ - درمیان دو فعل کے اکثر
آتی ہی جیسے گفتہ رفت یعنی گفت و رفت ہم - نیز - اکثر اسماء
اشارہ کے آخر آتا ہی جیسے این ہم بدہ آنہم بدہ آن نیز
بدہ - این نیز بدہ الف جیسے رستاخیز + واضح رہے کہ لفظ
پس علاوہ عطف کے تفصیل کے واسطے بہی آتا ہی جیسے
فعل بہ اعتبار اصل کے دو قسم پر ہے ماضی و مضارع پس

ماضی وہ ہی کہ دلالت کرے زمانہ گزشتہ پر اور مضارع وہ ہی
کہ دلالت کرے زمانہ حال اور آیندہ پر اور کبھی خبر اسکے شروع
پر بہی واقع ہوتا ہی جیسے گرسنگ ہمہ لعل بدخشان بودے
پس قیمت سنگ و لعل یکسان بودے + کبھی جملہ نتیجہ پر واقع ہوتا ہی
جیسے ہر نفسی کہ فرو می رود ممد حیات است و چون بر می آید مفرح
ذات است پس در ہر نفسی دو نعمت موجود است و بر ہر نعمتی شکری
واجب مخفی نرہے کہ جسوقت کسی اسم ظاہر کو ضمیر متصل پر معطوف
کرینگے تو ایک ضمیر منفصل ہمجنس ضمیر مذکور ضرور لاوینگے جیسے
آمدم من و زید رفتی تو و عمر زدمش او را و بکر را اگر کوئی حرف معطوف
علیہ مین ملحق کرین تو فصیح تر ہوگا کہ معطوف مین ہی ملحق کرین
جیسے پرسیدم ازاو و از بکر زدم خالد را و زید را —

ترکیب صلہ و موصول اوسکی تعریف صرف مین گزر چکی
ہی چند ترکیبین یہان لکھی جاتی ہین چنانچہ اسماء موصول **آنکہ**
آنانکہ — ہر آنکہ — ہر کہ — انسان کے واسطے مستعمل
ہین — آنچہ — ہر آنچہ — ہر چہ — غیر ذیروح کیواسطے —

اور یہی مجہول اسم نکرہ کے آخر کا اور اس کے بعد کہ صلہ ہوا اظہار
کی جاتی ہے جیسے — سنجیکہ آسپکہ مرد یکہ آنانکہ بکنج
عافیت بنشستند — دندان سگ و دہان مردم بستند ترکیب
آنان اسم موصول کہ صلہ ب جار کنج مضاف عافیت مضاف الیہ
ملکر مجرور ہوا جار مجرور سے ملکر متعلق فعل نشستند ہوا نشستند
فعل با فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا
موصول صلہ سے ملکر بستند کا فاعل ہوا دندان مضاف سگ مضاف الیہ
ملکر معطوف علیہ اور حرف عطف و دہان مضاف مردم مضاف الیہ
ملکر معطوف ہوا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول بہ ہوا
بستند کا فعل اپنے فاعل و مفعول بہ کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ
خبریہ ہوا — کسیکہ لطف کند خاک پایش باش — ترکیب
کسیکہ اسم موصول کہ صلہ لطف مفعول بہ کند فعل با فاعل فعل
اپنے فاعل مفعول کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا موصول صلہ سے
ملکر مبتدا ہوا باش فعل ناقص او ضمیر جو ضمیر تو پوشیدہ ہے اسکا
اسم ہے خاک مضاف پا مضاف الیہ ملکر مضاف ش

مضاف الیہ ملکر خبر ہوئی فعل ناقص اپنے اسم وخبر کے ساتھ ملکر جملہ
فعلیہ ہوکر خبر ہوا مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا ناسزائے راکہ
بنی بختیار ہے تسلیمش اختیار کن یعنی ناسزا ایکہ اورا بختیار بنی
تسلیمش اختیار کن **ترکیب** ناسزا اسم موصول کہ صلہ اورا
مفعول بہ بختیار مفعول فیہ بنی فعل با فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول
کے ساتھ ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا موصول صلہ سے ملکر مبتدا
ہوا تسلیمش اختیار کن جملہ انشائیہ ہوکر اوسکی خبر ہی واضح رہے
کہ موصول صلہ سے ملکر کبھی **فاعل** ہوتا ہی جیسے پیش من خبر آرد
ہرکہ دوست من است - ہرکہ اسم موصول او مبتدا محذوف دوست
من است خبر - ملکر جملہ اسمیہ ہوکر صلہ ہوا موصول صلہ سے ملکر آرد کا
فاعل ہوا اور کبھی مفعول ہوتا ہی جیسے نیاوردی آنرا کہ من خواستم
یعنی نیاوردی آنکہ اورا من خواستم + آنکہ اورا من خواستم موصول
صلہ سے ملکر مفعول ہوگا نیاوردی کا کبھی **مضاف الیہ** ہوتا ہی
جیسے خرید کردم اسپ آنرا کہ نامش بکر است یعنی خرید کردم اسپ
آنکہ نام او بکر است - آنکہ نام او بکر است موصول صلہ سے ملکر

مضاف الیہ ہوگا کبھی مبتدا ہوتا ہی جیسے آنرا کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک یعنی آنکہ او را حساب پاک است از محاسبہ چہ باک آنکہ او را حساب پاک است موصول ہی موصول صلہ سے ملکر مبتدا ہوگا یہ بہی بات یاد رکہنی کی ہی کہ صلہ ہین ایک ضمیر مستتر ضرور ہوتی ہی جو موصول کیطرف راجع ہوتی ہی کبھی وہ ضمیر فاعل ہوتی ہی جیسے کسی کاتش ظلم زد درجہان * یعنی کسے کہ او آتش ظلم درجہان - زد او ضمیر فاعل مستتر ہی - کبھی مفعول ہوتی ہی جیسے ناسزائے را کہ بینی بختیار یعنی ناسزائیکہ او را بختیار بینی او را ضمیر مفعول ہی کبھی مبتدا ہوتی ہی جیسے ہر کہ ستمگار است گنہگار است یعنی ہر کہ او ستمگار است گنہگار است آو ضمیر مبتدا ہی کبھی مضاف الیہ ہوتی ہی جیسے کسیرا کہ اقبال باشد غلام * یعنی کسیکہ اقبال غلام او باشد او ضمیر مضاف الیہ ہی - یہ بہی یاد رکہو کہ بعد حرف ندا کے بہی موصول کو حذف کر دیتے ہین جیسے - ایکہ شخص منت حقیر نمود یعنی اے آنکہ

ترکیب جمل از برای مشق

جمله	مبتدا	فاعل	خبر	فعل	حرف رابط	مفعول	متعلق	قسم جمله	کیفیت
زید قایم است	زید	•	قایم	•	است	•	•	جملهٔ اسمیهٔ خبریه	
خوش است زید	زید مبتدا موخر	•	خوش خبر مقدم	•	است	•	•	ایضاً	
زید در خانه است	زید	•	موجود خبر محذوف	•	است	•	در خانه جار مجرور	ایضاً	
منت خدای را	منت	•	سزاوار است خبر محذوف	•	است محذوف		خدای را	ایضاً	
ما همه بیچاره و سرگشته ایم	ما همه	•	بیچاره و سرگشته	•	ایم	•	•	ایضاً	

جمله	مبتدا	فاعل	خبر	فعل	حرف رابط	مفعول	متعلق	قسم جمله	کیفیت
تو ہوشیاری	تو	•	ہوشیار	•	ی بمعنی ہستی	•	•	جملہ اسمیہ خبریہ	
تہی دستان را دست دلیری بستہ است	•	دست دلیری تہی دستان	•	بستہ است	•	•	•	جملہ فعلیہ خبریہ	
محمود آمد	•	محمود	•	آمد	•	•	•	ایضاً	
زید زدہ شد	•	زید	•	زدہ شد	•	•	•	ایضاً	
من بازار رفتم	•	من	•	رفتم	•	•	•	ایضاً	

زید امیر گشت	•	زید اسم فعل ناقص	امیر	گشت فعل ناقص	•	•	•	[illegible]	بقول بعض جمله اسمیه
اینجا بیا	••	تو تقدر	•	بیا	•	اینجا ظرف مکان مفعول فیه	•	جمله فعلیه انشائیه	•
زید عمرو را زد	•	زید	•	زد	•	عمرو را مفعول به	•	جمله فعلیه خبریه	•
گناه مکن	•	تو تقدر	•	مکن	•	گناه مفعول به	•	جمله فعلیه انشائیه	•
کدام کس آمد	•	کدام کس	•	آمد	•	-	•	ایضاً	•
زید را کتاب دادم	•	ضمیر متکلم	•	دادم	•	زید را کتاب به مفعول به	•	جمله فعلیه خبریه	•

جمله	مبتدا	فاعل	خبر	فعل	حرف رابط	مفعول	متمم	قسم جمله	کیفیت
زید در مدرسه میخواند	.	زید	.	میخواند	.	.	در مدرسه مفعول فیه مکان یا جار مجرور	جمله فعلیه خبریه	
زید بصبح رسید	.	زید	.	رسید	.	.	بصبح مفعول فیه یا جار مجرور	ایضاً	
زید از جبانت جنگ نکرد	.	زید	.	نکرد	.	جنگ مفعول به	از جبانت جار مجرور	ایضاً	
خالد برای تحصیل علم در مدرسه داخل شد	.	خالد	.	داخل شد	.	برای تحصیل علم مفعول له	در مدرسه مفعول فیه یا جار مجرور	ایضاً	
بیرون رفتم از شهر با رفیقان	.	ضمیر متکلم	.	بیرون رفتم	.	با رفیقان مفعول معه	از شهر جار مجرور	ایضاً	

من او را پروردم پروردن خوب	.	من	.	پروردم	.	او را مفعول به پروردن خوب مفعول مطلق	.	ایضاً	
یار سوار آمد	.	یار ذوالحال سوار حال	.	آمد	.	.	.	ایضاً	
